حضرت بی بی پاکدامناں
لاہور
کون ہیں اور کہاں سے آئیں؟
مؤلف حفیظ اللہ خان منظر

حضرت بی بی پاکدامناںؒ (لاھور)

کون ہیں اور کہاں سے آئیں؟

ایک تاریخی دستاویز

پیشکش

حفیظ اللہ خاں منظر

ادارہ ضیائے ادب

بی بی پاکدامن لاہور

نام کتاب	حضرت بی بی پاکدامناں کون ہیں اور کہاں سے آئیں؟
مؤلّف	حفیظ اللہ خاں منظر
ناشر	ادارہ ضیائے ادب بی بی پاکدامن لاہور
مطبع	لاہور آرٹ پریس ۱۵، انارکلی، لاہور
ایڈیشن	دوم
تعداد	۱ ہزار
کتابت	حافظ نصیر الدین ظفر تلمیذ جناب عبد الرشید قمر صاحب مدظلہ
قیمت	۱۲ روپے

ملنے کے پتے

(۱) بدر جنرل سٹور بی بی پاک دامن لاہور

(۲) ادارہ ضیائے ادب ۶/۲۹ بی بی پاکدامن لاہور

ماخذ

تحقیقاتِ چشتی	مصنفہ	مولوی نور احمد چشتی (المتوفی ۱۲۷۶ھ)
تاریخ بی بیاں پاکدامناں	مؤلفہ	مولوی محمد بخش قریشی (لاہور)
تاریخ کامل عربی	مصنفہ	علامہ ابن اثیر
تاریخ طبری	مصنفہ	علامہ ابن جریر
تاریخ ابن خلدون	مصنفہ	علامہ عبدالرحمٰن ابن خلدون
ذبح عظیم	مولفہ	خان بہادر مولوی سید اولاد حیدر صاحب فوق بلگرامی
منتہی الآمال (جلد اول)	تالیف	جناب حاجی شیخ عباس قمیؒ
منتخب التواریخ	تالیف	جناب حاجی محمد ہاشم بن محمد بن علی خراسانی
مناقب آل ابی طالب جلد سوم	مولفہ	جناب ابی جعفر رشید الدین محمد بن علی بن شہر آشوب
شجرۂ ازواج وآل علیؑ	مرتبہ	حفیظ اللہ خاں منظر
سوانح حضرت مسلم بن عقیل	مؤلفہ	مولانا سید آغا مہدی صاحب لکھنوی ۱۹۴۴ء (لکھنؤ)
تحفۃ الزائرین	مرتبہ	الحاج ملک صادق علی صاحب عرفانی "مدیر شیعہ" لاہور
زندگانی زینب کبریٰؑ	مؤلفہ	عماد الدین حسین اصفہانی (عماد زادہ) مطبوعہ ایران
تذکرۃ الخواتین (فارسی)	مؤلفہ	مرزا مہدی شیرازی
انسائیکلوپیڈیا آف اسلام (جلد ۱۵)		مطبوعہ دانش گاہ پنجاب (لاہور) پاکستان
تاریخ مخزن پنجاب	مصنفہ	مفتی غلام سرور (لاہور)، مطبع نامی منشی نول کشور کانپور ۱۸۷۷ء
تاریخ لاہور	مصنفہ	رائے بہادر کنہیا لال مطبع وکٹوریہ پریس لاہور
حدیقۃ الاولیاء	مصنفہ	مفتی غلام سرور

تذکرہ علمائے لاہور — مصنفہ — محمد دین فوق

مآثر لاہور — مولفہ — منشی محمد دین فوق، مرتبہ محمد عبداللہ قریشی (نقوش لاہور نمبر)

رسالہ عرفات کا — مرتبہ — میاں محمد دین کلیم مؤرخ لاہور

بی بی پاکدامن نمبر

انسائیکلوپیڈیا آف اسلام — مطبوعہ دانش گاہ پنجاب لاہور

جلد ۵

مزار مبارکہ حضرت بی بی حاجؒ
(بی بیاںؒ پاکدامناںؒ لاہور)

فہرست مضامین

مزارات: بی بی تاجؒ، بی بی نور
(بی بیاں پاکدامناںؒ لاہور)

مزارات: بی بی حورؒ، بی بی گوہر - بی بی شہبازؒ
(بی بیاں پاکدامناںؒ لاہور)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

تعریف اللہ کی جس پر بھروسہ ہے اور جس سے مدد کی اُمید ہے۔

تاریخ نگاری ایک زبردست اہمیت کی حامل ہے اور اس فن کو اقوام عالم میں خاص مقام حاصل ہے اصطلاح میں اس کے معنی وقت بتاکر احوال کو متعین کرنا ہے اس کے حصول کے لئے اپنے دماغ اور جسم کو پوری طرح حاضر رکھنا پڑتا ہے، روز روز اس کے لئے سواریاں اور کجاوے کسے جاتے ہیں۔ اپنی تخلیق کو کامیاب بنانے کے لئے عالم و جاہل دونوں ہی پیش قدمی کرتے ہیں اور در بدر کی خاک چھان کر ہی منزل مراد تک پہنچنا نصیب ہوتا ہے۔ (علامہ ابن خلدون)

تحقیق و جستجو کے بعد جب یہ پتہ چلتا ہے کہ ہمارے حاصل کردہ لٹریچر میں کچھ مواد غیر معتبر اور غیر مستند بھی شامل ہو چکا ہے تو یہاں آکر ہر مولّف و مرتّب اپنی اپنی فراست اور ظرف کا ثبوت دیتا ہے۔ عام لوگ جھوٹے سچے، معتبر و غیر معتبر واقعات، خود ساختہ افسانے اوہام و خیالات اور کمزور مفروضے اور خود تراشیدہ روایات کے خوبصورت حاشئے جما کر طالبانِ علم کے سامنے پیش کر دیتے ہیں اور پھر اس کے بعد آنے والے اسی شاہراہ پر بے محابہ چلے جاتے ہیں، ہاں لکیر کے فقیر بن کر وہی واقعات بلاکم و کاست لوگوں تک پہنچاتے ہیں، نہ کبھی انہوں نے واقعات کے اسباب پر غور و فکر کیا، نہ ہی انہوں نے بے بنیاد اور من گھڑت باتیں چھوڑیں اور نہ ان کا معقول جواب پیش کیا اور اس طرح وہ اپنی کتاب کے مصنف بن کر دائرہ مصنفین میں زبردستی شامل ہو جاتے ہیں۔ ایسے مصنفین کا کاسۂ صداقت اک نہ اک دن چھوٹ ہی جاتا ہے اور خود ان کی اپنی بھی شخصیت غیر معتبر ہو کر رہ جاتی ہے۔

حضرت سفیان ثوریؒ نے کیا خوب فرمایا جب راویوں نے جھوٹ سے کام لیا تو ہم نے ان کے

مقابلہ میں تاریخ کو لاکر کھڑا کر دیا۔

مگر ان صادق القول مرتبین اور مصنفین کا تو کیا ہی کہنا جن کی تالیفات حقیقت، سچائی، اور اسلامی صداقت میں نہائی دعوی ہوتی ہیں لوگوں کے سامنے بن سنور کر اُجلی قباء میں ملبوس آتی ہیں ان کی صداقت کی چمک دمک اور آفتاب تاریخ کے اوراق میں ایک سنہری باب کا اضافہ کر دیتی ہے

غرض انہیں تصورات سے متاثر ہو کر احقر نے یہ تحقیق "بی بیان پاکدامناں کون ہیں اور کہاں سے آئیں ؟" مرتب کی ہے اور نذر قارئین کی جارہی ہے۔

اس کا پس منظر یہ ہے کہ مزار اقدس بی بی پاکدامناں کو حضرت علی المرتضیٰؑ کی صاجزادی جناب رقیہ کبریٰ زوجہ حضرت مسلم بن عقیلؓ اور جناب عقیل بن ابی طالبؑ کی صاجزادیوں سے منسوب کر کے بیان کیا گیا ہے کہ یہ مخدرات نویں محرم ۶۱ھ کو بحکم حضرت امام حسینؑ میدان کربلا سے ہجرت کر کے لاہور میں آگئیں اور ہندو عہد میں زمین میں سما گئیں۔ آج سے سو برس پہلے کی تصنیف "تحقیقات چشتی" مصنفہ مولوی نور احمد چشتی اس خیال کی ترجمان ہے اس کے بعد آنے والے مولفین نے اس بات کی خوب تشہیر کی اور ساتھ ہی تھا اسے "ناقابل یقین" بے بنیاد اور غلط بھی قرار دیا اور یہ بھی لکھا کہ یہ مزارات سید احمد توختہ کی صاجزادیوں کے ہیں جن کا مدفن چلّہ بی بیاں اندرون اکبری منڈی میں ہے۔

مگر افسوس صد افسوس انہوں نے سوائے اپنی کتاب پیش کرنے کے اس سلسلے میں تحقیق و جستجو کا کچھ کام نہیں کیا۔ اگر وہ عامتہ المسلمین کو تاریخ عرب و عجم سے روشناس کرا دیتے تو یقیناً ایک بہت بڑی تاریخی غلطی کا ازالہ ہو جاتا۔

بحمد اللہ احقر کی یہ تالیف اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ میں نے حقیقت کو پانے کی کوشش میں جو کچھ بھی حاصل کیا ہے۔ وہ پورے خلوص اور دیانتداری سے کتب تواریخ و سوانح کے اقتباسات نذر قارئین کر رہا ہوں۔ (ملاحظہ فرمائیے)

فروری ۱۹۸۳ء احقر العباد، حفیظ اللہ خاں منظر

تحقیقات چشتی

مصنفہ مولوی نور احمد چشتی

بار اول ۱۸۶۷ء ۱۲۸۴ھ حمیدیہ سٹیم پریس لاہور

بار دوم ۱۹۰۶ء ۱۳۲۴ھ صفحات ۳۱۲ تا ۳۲۴

تذکرہ در احوال مقبرہ عالیہ حضرات بی بی پاکدامناں

حال ان کا یہ ہے کہ یہ چھ بیبیاں ایک جناب علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی صاحبزادی ہمشیرہ جناب حضرت عباسؓ کی موسوم بہ رقیہ المشہور بی بی حاج اور پانچ صاحبزادیاں حضرت عقیلؓ برادر حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی جن کے نام یہ ہیں حضرت بی بی تاج، حضرت بی بی حور، حضرت بی بی نور، حضرت بی بی گوہر، حضرت شہباز ہمشیرگان حضرت مسلم، حضرت رقیہ المشہور بی بی حاج صاحبہ منکوحہ جناب امام مسلم تھیں۔ کہتے ہیں کہ جناب امام ہمام سید امام شاہ کربلا غریب پُر جفا یعنی سید الکونین امام حسین رضؓ مدینہ منورہ سے روانہ کوفہ حسب الطلب کوفیاں ہوئے ہیں تو یہ بیبیاں بھی ہمرکاب تھیں۔ نہم محرم الحرام کو جناب امام ہمام نے حسب ایمائے باطنی جناب مرتضوی کو ان بیبیوں کو ارشاد فرمایا۔ کہ تم یہاں سے چلی جاؤ، انہوں نے عرض کی کہ یا اخی ہم تم کو ایسے حال پر اختلال میں چھوڑ کر کہاں جائیں۔ نعوذ باللہ من ذالک۔ اگر ایسا کریں تو بروز قیامت جناب بی بی فاطمہؓ کو کیا منہ دکھائیں گے۔ آپ نے فرمایا کہ نور چشمان میں مجبور ہوں۔ حکم مرتضوی ایسا ہی ہے مراقبہ کر کے دیکھ لو، ناچار بیبیوں نے عرض کی کہ اچھا ہم تابعدار ہیں۔ جہاں حکم ہو چلی جائیں۔ آپ نے فرمایا کہ ہند جانے کا تم کو ارشاد ہوتا ہے۔ پھر انہوں نے عرض کی کہ ہمارے دونوں فرزند آپ کے پاس رہیں تاکہ آپ کے قدموں پر شہادت پائیں آخر بہ رد وکد حضرت نے قبول فرمایا اور بیبیاں وہاں سے روانہ ہند ہوئیں، دوسرے روز واقعہ ہائلہ جانگداز شہادت حضرت جناب سید مظلوم کا سنا، بہت گھبرائیں۔ مگر بہ خیال تعمیل حکم چلی آئیں حتیٰ کہ لاہور میں پہنچیں اور یہاں مقام خانقاہ اس وقت ایک ٹیلہ تھا۔ اس پر گھبرائیں۔ اس زمانہ میں گرد و نواح اس مقام کے کوئی کوئی شخص یعنی بستی، انہوں

کی تھی، جب یہ بیبیاں یہاں پہنچیں تو بہ مجرد برکت قدوم میمنت، لزوم قدرت اہل بیت رسول ؐ کے ان راہبوں کے آتشکدے سرد ہو گئے اور بستیوں میں فتور و خلل پڑ گیا تو انہوں نے جوتشیوں سے باعث اس تہلکہ کا پوچھا سب نے سوچ بچار کر کے کہا کہ یہاں کوئی اہل اللہ عرب تزک سے آ ئے ہیں۔ یہ ان کی برکت کا اثر ہے، انہوں نے بعد دریافت ان کی طلب کے واسطے ملازم بھیجے کہ ان کو بلا لائیں اس امر سے یہ بی بیاں حیران ہوئیں کہ یا الٰہی ہم رسیدہ ستم ہیں اور اول جدائی برادران اور واقعہ کربلا ہوا اور پھر ملک بیگانہ حتیٰ کہ کوئی ہماری بولی بھی نہیں سمجھتا اس سے آپ ان کے پاس تشریف نہ لے گئیں۔ جب یہ خبر راجہ کو پہنچی کہ وہ تشریف نہیں لائیں تو ان کے سردار نے ولی عہد کو بھیجا اور کہا کہ یا تو اپنے ہمراہ ان کو لا یا اپنی قلمرو سے نکال آنا اور نام اس راجہ کا کنور تھا اور بعضوں کے نزدیک مہابرن اور اس کے بیٹے کے نام بکرما سہائے۔ راوی کہتا ہے کہ جب یہ بی بی صاحبان تشریف لائیں تھیں تو اس وقت سات سو چار آدمی ولی اللہ حافظ قرآن اور بزرگ ان کے ہمراہ تھے، جب وہ کنور حضرت کے پاس آیا اور حکم راجہ کا سنایا۔ تو آپ نے پہلے یہ منت سماجت فرمائی کہ بابا ہم غریب ہیں، مسافر ستم رسیدہ اور بے خانماں ظلم کشیدہ ہیں اور از حد بےکس ہیں، برائے خدا ہم کو تکلیف نہ دو اگر تم ہمارے یہاں رہنے سے ناراض ہو تو ہم چلی جاتی ہیں اور ماسوا اس کے ہمارے مذہب میں ستر داری کا حکم بہ تاکید اکید جاری ہے اس واسطے ہم راجہ تک نہیں جا سکتیں۔ اس نے کہا کہ میں مجبور ہوں اور راجہ صاحب کی طرف سے آپ کو پکڑنے پہ مامور ہوں۔ آخر بی بی صاحب کلاں نے راجہ کے لڑکے کو اپنے پاس طلب کیا اور اس کی طرف دیکھا۔ دیکھتے ہی وہ بیہوش ہو کر زمین پر گر پڑا۔ جب ہوش آیا تو رو یا اور حضرت کے قدم مبارک پر گر کر درخواست تعلیم و تلقین، دین اسلام کی کی۔ اور صدق دل سے مسلمان ہوا۔ جب یہ خبر راجہ کو پہنچی تو وہ نہایت متردد ہوا۔ تمام ہندوؤں کو بلا کر شورش مچا دی۔ اس سے بی بی صاحبان بہت خائف ہوئیں اور جناب الٰہی میں عرض کی۔ کہ یا اللہ ابھی خوف حادثہ کربلا ہمارے دلوں سے نہیں گیا۔ کہ یہ دوسرا حادثہ عظیم برپا ہوا ہے۔ ہم چاہتی ہیں کہ ہم پس پردہ ہو جائیں۔ یا الٰہی زمین کو حکم دے کہ ہم کو امان دے۔ یہ دعا ان کی قبول ہوئی اور اسی وقت

زمین میں شگاف ہوگیا اور تمام بیبیاں اس میں سماگئیں اور پوشیدہ ہونے سے پہلے بہت اشخاص ہمراہیاں کو آپ نے رخصت عنایت کی اور فرمایا کہ اپنے اپنے وطنوں کو چلے جاؤ۔ چنانچہ وہ اتباعاً حکم چلے گئے اور صرف چار حافظ جن کے نام یہ ہیں ابو الفتح، ابو الفضل۔ ابوالکلام۔ عبداللہ حضرات کی خدمت میں باقی رہے اور قبور ان کی بی بی تنوری کے غرب رو یہ موجود ہیں اور وہ بھی آپ کے ساتھ ہی زمین میں سماگئے۔ جب کنور نے ان کی کرامت دیکھی تو صدق دل سے فقیر ہوگیا اور مجاور ہو بیٹھا۔ اس وقت حضرات بیبیاں کے دوپٹوں کے پلے برروئے زمین نظر آتے تھے، اس نے ان نشانوں پہ قبور بنائیں۔ چندروز وہ پلے نظر آتے رہے۔ پھر وہ بھی ناپید ہو گئے۔ جب کفار نے یہ کرامت دیکھی۔ تو دم بخود ہوگئے اور کئی ایک ایمان لے آئے

مشہور ہے کہ جب وہ کنور مسلمان ہوگیا۔ تو بی بی صاحبان نے اس کا نام عبداللہ رکھا اور بعد چندے وہ عبداللہ خاکی کے نام سے معروف ہوگیا اور بعض کہتے ہیں کہ اس کا نام محمد جمال رکھا گیا تھا۔ الغرض اس کی اولاد اب تک مجاور خانقاہ عالیجاہ ہے اور راجپوت کہلاتی ہے ۔ اور وہ راجہ اپنے فرزند سے بہ سبب مسلمان ہونے کے محبت نہ کرتا تھا۔ مگر بہ لحاظ آتش فرزندی اس کو کچھ زمین دے دی۔

کتاب تاریخ بی بیاں پاکدامناں کے بارے میں (مولفہ محمد بخش قریشی)

کتاب مذکورہ "تحقیقات چشتی" کی تقلید کرتے ہوئے لکھی گئی ہے اور بار بار وہی باتیں دہرائی گئی ہیں (۱) حضرت علی المرتضیٰؑ کی صاحبزادی سیدہ رقیہ کبریٰؑ زوجہ جناب مسلم بن عقیل کو بطنِ ام البنینؑ سے اور جناب عباس، جعفر، عثمان اور عبداللہ صاحبزادگان علیؑ کی بہن لکھا ہے

مگر تاریخ کی تمام مستند کتابوں مثلاً تاریخِ کامل ابن اثیر، تاریخ طبری، تاریخ ابن خلدون، منتہی الآمال، منتخب التواریخ اور مناقب آل ابی طالب میں سیدہ رقیہ کبریٰ زوجہ حضرت مسلم بن عقیل کو حضرت علیؑ کی زوجہ صہبا المشہور ام حبیب کے شکم سے لکھا ہوا ہے اور عمر بن علیؑ کی سگی بہن بنایا گیا ہے گویا جناب ام البنینؑ سے چار بیٹے تو ہوئے مگر کوئی بیٹی

پیدا نہیں ہوئی۔

کتاب تاریخ "بیبیاں پاکدامناں" کے مؤلف نے میدانِ کربلا سے لاہور آنے والے قافلۂ اہل بیت کے ثبوت میں جن کتابوں مثلاً تاریخ اسلام عبدالرحمٰن شوق تذکرۃ الکرام، ذبح عظیم، تاریخ کامل اور تاریخ آئمہ کو پیش کیا اور جو جو حوالے دیئے وہ سب کے سب غلط ہیں، کسی ایک کتاب میں بھی اس قافلہ کے لاہور آنے کے بارے میں ایک حرف تک نہیں لکھا دیکھا۔ گویا کتاب مذکورہ جھوٹ اور فریب کا پلندہ ہے۔

عرب و عجم کی تاریخیں اس بات کی گواہ ہیں۔ کہ حضرت امام حسینؓ کے ہمراہ مکہ اور مدینہ سے جو افراد اہل بیت کے ساتھ چلے تھے ان میں سے کسی ایک نے بھی میدانِ کربلا سے آخر دم تک ساتھ نہیں چھوڑا۔ لاہور آجانے کی ساری کی ساری داستان من گھڑت اور بے بنیاد ہے۔

نوٹ: ہم اپنی تحقیق کے ثبوت میں درجنوں کتابوں کے تاریخی اقتباسات پیش کرسکتے ہیں، طوالت کے باعث صرف چند حوالے نذر قارئین ہیں (حفیظ اللہ خاں منظر)

قارئین کرام! تحقیقاتِ چشتی کے مصنف کے مندرجہ بالا بیان کو ہم سب سے پہلے تاریخ اسلام کی روشنی میں دیکھیں تو ذہن میں یہ سوالات ابھرتے ہیں۔ کہ

(۱) حضرت علی المرتضیٰ کی کن کن بیویوں سے کون کونسی اولاد پیدا ہوئیں۔

(۲) رقیہ نام کی کتنی صاحبزادیاں تھیں اور ان کے شوہر کون کون تھے۔

(۳) رقیہ نامی صاحبزادیاں کن ازواج سے پیدا ہوئیں اور کن صاحبزادوں کی سگی بہنیں تھیں۔

(۴) آیا وہ واقعۂ کربلا کے وقت جنابِ امام حسینؓ کے ساتھ تھیں۔

(۵) جناب امام حسینؓ نے اپنے اہلِ بیت میں سے کسی کو ہندوستان چلے جانے کا حکم دیا اور کیا ان میں سے کوئی روزِ عاشورہ یا بعد میں ہندوستان آئے۔؟

جب کہ یہ کفر گڑھ تھا۔

(۶) میدانِ کربلا میں جناب امام حسینؑ کے ساتھ کتنے افراد تھے۔

(۷) جناب رقیہ کبریٰ کے ساتھ ہندوستان آنے والے سات سو چار افراد (بقول مصنف مذکور) کی حقیقت کیا ہے۔؟

(۸) مزاراتِ شام میں کونسی رقیہ کا روضہ ہے اور مصر میں کس رقیہ بنت علیؑ کا مزار ہے۔

(۹) پاکستان کے شہر لاہور میں خانقاہ "بیبیاں پاکدامناں" کو حضرت رقیہ کبریٰ بنتِ علیؑ اور حضرت عقیلؓ بن ابی طالب سے منسوب کرنا کہاں تک درست ہے جبکہ یہاں سبھی مؤرخوں نے (ماسوائے تحقیقاتِ چشتی) جناب امام حسینؑ کے اہل بیت کے یہاں آنے کو تسلیم نہیں کیا اور اس مزارِ اقدس کو مرشدِ پنجاب حضرت سید احمد توختہ ترمذی کی صاحبزادیوں بی بی حاج، بی بی تاج، بی بی حور، بی بی نور، بی بی شہباز اور بی بی گوہر کی خانقاہ مانا ہے، جو بحیثیت ایک سُنی مزار حکومتِ پاکستان کے محکمہ اوقاف نے اپنی تحویل میں لیا ہے اور جس کے سابقہ گدّی نشین بھی اہل سُنّت والجماعت ہیں۔

تاریخ طبری

حصہ چہارم — ص۔ ۲۳۲ — مصنف علامہ ابن جریر طبری

برادرانِ مسلم کا قصاص پر اصرار

روایت ہے کہ حسینؓ بن علیؓ کو مسلم بن عقیل کا خط پہنچا تو آپ وہاں سے روانہ ہو کر ابھی اس مقام تک پہنچے تھے جہاں سے قادسیہ تین میل کے فاصلہ پر تھا کہ حُر بن یزید تمیمی سے ملاقات ہوئی۔ حُر نے پوچھا آپ کہاں جاتے ہیں۔ کہا اسی شہر میں جانا چاہتا ہوں۔ حر نے کہا پلٹ جائیے وہاں آپ کے لئے بہتری کی مجھے کوئی امید نہیں ہے، یہ سن کر آپ نے واپس ہونے کا ارادہ کیا مسلم کے سب بھائی آپ کے ساتھ تھے۔ انہوں نے کہا واللہ جب تک مسلم کا انتقام ہم نہ لے لیں یا سب کے سب قتل نہ ہو جائیں واپس نہیں جائیں گے۔ آپ نے کہا تمہارے

بعد زندگی کا لطف نہیں ۔ یہ کہا اور آگے بڑھے ۔ جب اوائل لشکر ابن زیاد کے سوار آپ کو ملے تو آپ کربلا کی طرف مڑ پڑے ، ایک نبسواڑی جو نشیب میں واقع تھی ۔ اسے آپ نے پشت لشکر پر رکھا ۔ وہیں آپ اتر پڑے اور اپنے خیمے نصب کردیئے ۔ آپ کے اصحاب میں پینتالیس سوار اور ایک سو پیادہ تھے ۔

الکامل التاریخ

جلد چہارم ص ۴۳
مصنف ابن اثیر

فلمّا أتى الحسينَ خبرُ قتل أخيه من الرضاعة ومسلم بن عقيل أعلم الناس ذلك وقال : قد خذلنا شيعتُنا ، فمن أحبّ أن ينصرف فلينصرف ليس عليه منّا ذِمام . فتفرّقوا يميناً وشمالاً حتى بقي في أصحابه الذين جاؤوا معه من مكّة ، وإنّما فعل ذلك لأنّه علم أنّ الأعراب ظنّوا أنّه يأتي بلداً قد استقامت له طاعة أهله فأراد أن يعلموا علام يقدمون

تاریخ ابن خلدون

مصنف علامہ عبدالرحمن ابن خلدون

حضرت امام حسینؓ کا ہمراہیوں سے خطاب

حضرت امام حسینؑ نے آخری رات (کربلا میں) اپنے ہمراہیوں کو جمع کرکے خطبہ دیا جس کا مضمون یہ تھا " میں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرتا ہوں اور اس کی تعریف ظاہر اور پوشیدہ کرتا ہوں ، اے اللہ میں تعریف تیری ہی کرتا ہوں ۔ کہ تو نے ہمارے جد کو نبوت سے سرفراز فرمایا اور ہمکو گوش وچشم و قلوب عنایت کئے اور قرآن کی تعلیم اور دین کی سمجھ دی ۔ پس ہم تیرا شکریہ ادا کرتے ہیں ۔ اما بعد ! میں اپنے ہمراہیوں سے زیادہ نہ کسی کو باوفا سمجھتا ہوں اور نہ ان سے کسی کو بہتر جانتا ہوں ، نہ میرے اہل بیت سے کوئی زیادہ نیک اور نہ ان سے کوئی شخص رشتہ کا زیادہ لحاظ رکھنے والا ہے ۔ پس تم سب کو اللہ تعالےٰ

جزائے خیر عطا فرمائے، آگاہ ہو جاؤ! مجھے یقین ہو گیا ہے کہ کل یہ دشمن مجھ سے فرور لڑیں گے ۔ میں تم کو خوشی سے اجازت دیتا ہوں ۔ جس کا جس طرف جی چاہے چلا جائے ۔ میرا کچھ حق اس پر نہیں ہے لیکن مناسب ہے کہ تم میں سے ہر شخص میرے اہل بیت میں سے ایک ایک کو اپنے ہمراہ لے لے ۔ تم سب کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے گا اور اپنے اپنے شہروں اور ملکوں کی طرف متفرق و منتشر ہو کر چلے جاؤ شاید اللہ تعالیٰ تم کو اس تکلیف سے بچالے کیونکہ شامی میرے خون کے پیاسے ہیں اگر وہ مجھے پا ئیں گے تو دوسروں کی جستجو نہ کریں گے ۔

اس فقرہ کا تمام ہونا تھا کہ سب کے سب چلا اٹھے ۔

ہمراہیوں کی ثابت قدمی آپ کے بھائی ، لڑکوں ، بھتیجوں اور عبداللہ بن جعفر کے لڑکوں نے رد کر کہا ہم ایسا نہیں کر سکتے کہ آپ کے بعد ہم باقی رہ جائیں ۔ اللہ تعالیٰ ہم کو کبھی بھی یہ دن نہ دکھائے " امام حسینؓ نے فرمایا " اے بنی عقیل بس بس مسلم کی شہادت کافی ہے ۔ تم لوگ جاؤ ۔ میں نے تم کو خوشی کے ساتھ اجازت دی " بنی عقیل بولے ۔ آپ سے علیحدہ ہو کر خلائق سے ہم کیا کہیں گے کہ ہم اپنے شیخ اپنے سردار اپنے بہترین چچا کے لڑکے کو دشمنوں کے قبضہ میں چھوڑ آئے اور ان کے ساتھ ایک تیر بھی نہ پھینکا اور نہ ان کے ساتھ ایک نیزہ مارا اور نہ ان کے ساتھ تلوار چلائی ۔ واللہ ہم یہ نہیں جانتے کہ وہ کیا کریں گے ، اللہ کی قسم ہم ایسا نہ کریں گے اور نہ آپ کو تنہا چھوڑیں گے بلکہ ہم اپنے کو اور اپنے مال کو اور اپنے اہل کو آپ پر فدا کر دیں گے ، آپ کے ساتھ ہو کر لڑیں گے جو حال آپ کا ہو وہی ہمارا ہو ۔ خدا وہ زندگی ہمیں نہ دے جو آپ کے بعد ہو ۔

تاریخ اسلام جلد سوم صہ ۵۳۵ مصنف عبدالرحمٰن شوق

امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا ، اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھو ۔ خدا نے جو چیز پیدا کی

ہے وہ سب ایک روز فنا ہوگی، ہر شخص مرے گا، کوئی آگے، کوئی پیچھے، سب کو موت کا انتظار کرنا چاہیئے۔ اسی طرح باقی اہل بیت کو بھی تسلی و تشفی دیتے ہوئے کہا۔

"یزید کا لشکر جو ہمیں گھیرے ہوئے ہے، یہ صرف میری موت کا خواہاں ہے تمہارا دشمن نہیں ہے، اس لئے تم میرے لئے موت کے منہ میں نہ آنا، مجھے خدا کے سپرد کرو، اور تم لوگ اپنی جانیں ضائع نہ کرنا۔"

حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ تقریر سنکر آپ کے بھائی حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا وہ دن خدا نہ دکھلائے کہ ہم آپ کو دشمنوں میں گھرا ہوا دیکھ کر جیتے رہیں یہ نہیں ہوسکتا کہ ہم لوگ آپ کو چھوڑ کر یہاں سے چلے جائیں۔

جب حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے ساتھیوں کا یہ استقلال دیکھا تو جنگ کے لئے تیار ہو گئے۔

ذبح عظیم

مؤلفہ خان بہادر مولوی سید اولاد حیدر فوق بلگرامی کتب خانہ اثنا عشری لاہور

صفحہ نمبر ۳، ۱۴۷ پر لکھا ہے جو لوگ آپ (حضرت امام حسینؓ) کے ساتھ مدینہ سے آئے تھے۔ وہی ساتھ رہے۔ باقی چھٹ گئے۔ باقی رہ جانے والوں کی تعداد صرف بہتر تھی۔

صفحہ نمبر ۱۹۵ پر فوق صاحب لکھتے ہیں۔ کہ سبر بیر ابن عبداللہ ابن مخلد الکلابی کی چچا زاد بہن ام البنین زوجہ حضرت علیؓ کے بطن سے صرف چار لڑکے (عبداللہ، جعفر، عباس اور عثمان) تھے (کوئی لڑکی نہیں تھی)

صفحہ نمبر ۲۰۲ تا ۲۰۴ عبداللہ، جعفر، عباس اور عثمان پسران حضرت علیؓ کو ان کے ماموں شمر کا امان دلانا مگر ان کا قبول نہ کرنا اور اسے جھڑک دینا۔

تاریخ طبری

جلد پنجم ص ۲۵۹ تا ۲۶۰

شمر کے بھانجوں کے لئے امان

شمر کو جب یہ خط ملا تو خود اور اس کے ساتھ عبداللہ بن ابی محل دونوں اٹھ کھڑے ہوئے اس کی پھوپھی ام البنین بنت حزام علیؑ بن ابو طالب کے پاس تھیں ان کے بطن سے عباسؑ عبداللہ، جعفر، عثمان پیدا ہوئے تھے۔ عبداللہ بن ابی محل نے کہا خدا امیر کا بھلا کرے ہماری بہن کے بیٹے حسینؑ کے ساتھ ہیں تو مناسب سمجھو تو ان کے لئے امان دیدو ابن زیاد نے کہا بسر و چشم" کاتب کو حکم دیا اس نے امان کا فرمان لکھدیا۔ مگر انہوں نے یہ امان قبول نہ کی

ذبحِ عظیم

مولفہ، مولوی سید اولاد حیدر صاحب فوق بلگرامی

صفحہ ۱۹۷ تا ۲۰۰ طبع جدید

جناب امام حسین علیہ السلام کا خطبہ اور اصحاب جاں نثار کی خوش عقیدتی اور حسن ولا

جناب امام حسین علیہ السلام کے اخلاق کریمانہ نے کسی طرح اس امر کی اجازت نہ دی کہ آپ کے جاں نثار اور خالص الاعتقاد اصحاب آپ کی نصرت اور حمایت میں اپنی غریب جانیں قربان کرنے کے لئے مجبور کئے جائیں کیونکہ کربلا کے معاملات انتہا تک پہنچ چکے تھے اور معاملہ کے روبراہ ہونے کی تمام امیدیں منقطع ہو چکی تھیں۔ امام علیہ السلام نے اپنے عہدہ امامت کی مناسب ہدایات کو پورے طور سے وما علینا الا البلاغ کی حد تک پہنچا دیا تھا اور ایک بار نہیں کئی بار، ایک موقعہ پر نہیں کئی موقعوں پر صحبت میں، خلوت میں، جلوت میں عمر ابنِ سعد کو سمجھایا کہ وہ اپنے آپ کو اور اپنے ہمراہی مسلمانوں کو فرزندِ رسولؐ کے خون ناحق میں شریک ہونے سے بچائے مگر ان تمام ہدایات کے خلاف جب آپ نے یقین کر لیا کہ عمر سعد کے حالات لَهُمْ قُلُوبٌ لَّا يَفْقَهُونَ بِهَا کی حد

تک پہنچ چکے ہیں اور اب یہ سنگدل، خدا ناترس مجھ کو ضرور قتل کرے گا۔ ایسی حالت میں آپ کے اخلاق اس کے مقتضی نہ ہوئے کہ ایک اپنی جان کے لئے اپنے عزیز و اقارب اور جاں نثار اصحاب کو بھی قتل کرا دیا جائے کیونکہ یہ جانتے تھے کہ اعدائے دین کو صرف میری ذات سے مخالفت و خصومت ہے تو ایسی حالت میں ان قلیل وفاداروں کو اپنے ساتھ معرض ہلاکت میں ڈالنا خلق و مروت سے بعید ہے،

مناسب ہے کہ ان لوگوں پر صورت معاملہ صاف کھول دی جائے اور ان کو اس محاصرہ سے نکل جانے کا پورا اختیار دیدیا جائے۔ جناب امام حسین علیہ السلام دیر تک اس خیال میں مصروف رہے۔ پھر اپنی تمام جمعیت کو جن میں آپ کے عزیز و اقارب بھی تھے جمع فرمایا اور نہایت اطمینان سے ان کو یہ خطبہ سُنایا۔

اثنیٰ علی اللہِ اَحسَنَ الثناءِ واحمدہ علی السّراءِ والضراءِ اللّٰھُمَّ اِنّی احمدک علیٰ ان کرّمتنا بالنبوّۃِ وعلّمتنا بالقراٰن و فہّمتنا فی الدّین وَجَعَلتَ لنا اسماعاً و ابصاراً و افئدۃ فاجعلنا من الشاکرین امابعد فانی لا اعلم اصحاباً اوفیٰ ولا خیراً من اصحابی و لا اھل بیت ابرّ و لا اوصل من اھل بیتی فجزاکم اللہ عنّی خیرا الا و انی لاظن یوماً لنا من ھٰؤلاءِ الا و انی قد اذنت لکم فانطلقوا جمیعاً فی حلٍّ لیس علیکم حرج منّی و لا ذمام ھذا اللیل قد غشیکم فاتخذوہ جملا و لیاخذ کل رجلٍ بید رجلٍ من اھل بیتی تفرقوا فی سوادکم و مدائنکم فانّ القوم انما یطلبوننی ولو قد اصابونی لھوا عن طلب غیری۔

آپ نے پہلے خدائے سبحانہ وتعالیٰ کی حمد کی اور بعد حمد و ستائش خدا تمام اصحاب و عزیز و اقارب کو مخاطب فرما کر ارشاد فرمایا کہ اے پروردگار عالم میں تیرا شکر ادا کرتا ہوں اس لئے کہ تو نے مجھے منصب امامت پر ممتاز فرمایا اور رموز و غوامض کلام ربانی مجھ کو عنایت فرمائے اور ارکان دین کی تعلیم

فرمائی اور مجھ کو گوشِ حق نیوش، دیدہ بینا اور دلِ دانا مرحمت فرمایا۔ پس ہم کو شکر کرنے والوں کی جماعت میں شمار فرما! اس میں شک نہیں کہ میں نے اپنے اصحاب جیسے وفادار کسی کے اصحاب اور عزیز و اقارب سے اچھے کسی کے عزیز و اقارب نہیں دیکھے۔ خدائے سبحانہ و تعالیٰ تم کو اس کے لئے جزائے خیر عطا فرمائے۔ مجھ کو اس وقت اس جماعت (اہل کوفہ و شام) کی طرف سے دوسرے خیال تھے یعنی میں ان سے طریقِ اطاعت اختیار کر لینے کی امید رکھتا تھا لیکن اب مجھ کو ان کے انداز دگرگوں معلوم ہوتے ہیں اس لئے میں تم سے اپنے تمام عہد و پیمان اٹھائے لیتا ہوں اور تم کو اپنی اطاعت کے بارے سے بالکل سبکبار کئے دیتا ہوں اور بکمال رغبت تم کو اجازت دیتا ہوں کہ تمہارا جس طرف جی چاہے چلے جاؤ، یہ رات ہے چاروں طرف اطرافِ عالم میں تاریکی چھائی ہے۔ تم لوگ اسے غنیمت جانو اور اپنے ناقے درست کر لو اور تم میں سے ہر شخص میرے اہلبیت سے ایک ایک آدمی کو اپنے ساتھ لے لے اور اس اندھیری میں مختلف شہروں اور قصبوں کو چلا جائے کیونکہ یہ لوگ صرف میرے خون کے پیاسے ہیں جب مجھے پالیں گے تو پھر دوسروں سے کوئی تعرض نہ کریں گے۔

جناب امام حسین علیہ السلام کا یہ خطبہ سنتے ہی آپ کے تمام عزیز و اقارب اور اعوان و انصار کی رگ و پے میں سچے خلوص اور وفاداری کا جوش پیدا ہو گیا اور حقیقت یہ ہے کہ وہ عقیدت کی سچی تصویریں، ارادت کی اصلی مورتیں، ایمان کے کامل مجسمے، پختہ اعتقاد کے تیار پیکر، جن کے چھوٹے بڑے ملا کر بہتر سے زیادہ نہ تھے، اپنی جاں نثاری اور وفاداری کے حقیقی جوش میں آکر اپنے آپے میں نہ رہے۔ اس قلیل جماعت میں سب سے پہلے آپ کے صاحبزادوں نے اور صاحبزادوں کے بعد بھائیوں نے اور بھائیوں کے بعد بھتیجوں نے اور بھتیجوں کے بعد بھانجوں نے اور بھانجوں کے بعد اور اصحاب نے نہایت خلوص کے لہجوں میں یک زبان ہو کر عرض کیا لَا اَرَانَا اللّٰہُ ذٰلِکَ اَبَدًا۔ خدا ہم کو یہ دن کبھی نہ دکھلائے۔

اس خطبہ میں ارشاد فرمایا گیا تھا کہ ہمارے اصحاب جیسے کسی دوسرے کے اصحاب نہیں

ہیں اور ہمارے اعزّہ جیسے اور کسی کے عزیز نہیں ہیں ۔ حضرت کا یہ مقولہ کہاں تک صحیح ہے ؟ یہ تو واقعاتِ کربلا ہی سے ظاہر ہے ۔ باقی رہا یہ امر کہ ان جاں نثاروں نے جیسا شفیق اور مہربان سردار اور آقا خوش قسمتی سے پایا تھا وہ بھی عدیم المثال تھا ۔ جیسا آج تک کسی جاں نثار اور مطیع و فرماں بردار کو نصیب نہیں ہوا ۔ یہ امر آپ کے ان احکام سے خود بخود ظاہر ہے کہ باوجودیکہ آپ کو اپنی موت کا ہر صورت سے یقین تھا اور ایسی بیکسی اور بے بسی کا عالم پیشِ نظر تھا ۔ جو کسی کے کبھی دیکھنے میں کیا سننے میں بھی نہیں آیا تھا ۔ مگر تاہم یہ سمجھ کر کہ مخالفوں کو صرف آپ کی ذات سے غرض ہے ۔ اس لئے آپ نے اعلیٰ درجہ کے اخلاق جن کی مثال سے دنیا کے کارنامے خالی ہیں ، ہرگز اس امر کے متقاضی نہ تھے کہ آپ کی رفاقت کے جرم میں ان کی جانیں تلف ہوں ۔ اس لئے آپ ان کو اور اپنے تمام اہلبیت کو بکمالِ رغبت ترکِ رفاقت کی اجازت فرما رہے تھے اور اپنی تنہا ذات پر بیکسی و تنہائی کے تمام مصائب گوارا فرمانے کے لئے راضی تھے اوروں کے خونِ ناحق پر کسی طرح راضی نہ تھے ۔ واقعاتِ کربلا کو معمولی فوج کشی تصور کرنے والے وہم پرست حضرات ذرا آنکھیں کھول کر اس خطبہ کے حرف حرف اور لفظ لفظ کو غور سے پڑھیں کہ اس کے مضامین معاملاتِ دنیاوی سے امام عالی مقام کی کیسی بے لوثی اور کتنی بے سروکاری ثابت کرتے ہیں ۔ کیا کوئی عقل کا اندھا اب بھی یہ خیال کر سکتا ہے کہ ایک مُلک گیر جو فوج کشی کے ارادہ سے میدانِ جنگ تک پہنچ گیا ہو اور اس کو یہ امر بھی متیقن ہو چکا ہو کہ صبح و شام میں جنگ کا آغاز ہوا چاہتا ہے تو ایسے وقت میں وہ اپنے اصحاب و انصار کو جن پر اس کی جمعیت کا دار و مدار ہو اس طرح ترکِ رفاقت کی صلاح دے گا اور ایسے نازک وقت میں ان کو اپنے پاس سے جدا کر دے گا ۔ کچھ اسی موقع پر منحصر نہیں ہے ۔ شروع سفر سے لیکر اس وقت تک برابر ہم جناب امام حسین علیہ السلام کے مختلف خطبات سے دکھلاتے آئے ہیں کہ آپ ہرگز ہرگز ایسے ارادہ کے ساتھ مدینہ سے کربلا تک نہیں آئے تھے ۔ اتنا لکھ کر ہم پھر اپنے قدیم سلسلہ بیان پر آ جاتے ہیں ۔ اہلبیت علیہم السلام اور اصحاب کرام نے اپنے

خلوص اور عقیدت کے اظہار میں نہایت جوش سے جواب دیئے ہم ان میں سے چند کامل الایمان بزرگوں کے جوابات ذیل میں لکھتے ہیں ان میں سب سے پہلے جو بزرگوار اٹھے مسلم ابن عوسجہ تھے ، وہ امام عالی مقام کی خدمت میں عرض کرنے لگے ۔

انحن نخلی عنک فیما نعتذر الی اللہ فی اداءِ حقک لا واللہ حتیٰ اطعن فی صدورھم برمحی ھذا و اضربھم بسیفی فاثبت قائمۃ فی یدی ولو لم یکن معی سلاح اقاتلھم بہ لقذفتھم بالحجارۃِ واللہ لا نخلیک حتی یعلم اللہ انا قد حفظنا غیبۃ رسول اللہ علیہ وآلہ وسلم فیک اما واللہ لو علمتُ انی اقتل ثم احیی ثم احرق حیا ثم اذری یفعل ذلک بی سبعین مرۃ ما فارقتک حتی القی حمامی دونک فکیف لا افعل ذلک وانما ھی قتلۃ واحدۃ ثم ھی الکرامۃ التی لا انقضاء لھا ابدا۔

اے فرزندِ رسولؐ کیا میں اپنا ہاتھ آپ کی نصرت و رفاقت سے اٹھالوں پس میں خدائے سبحانہٗ وتعالیٰ کے آپ کے ادائے حقوق کے ثبوت میں کیا حجت پیش کروں گا۔ خدا کی قسم مجھ سے ایسا نہ ہوگا ۔میں تو آپ کے دشمنوں کے سینوں کو اپنے نیزہ کا نشانہ بنائے بغیر نہ چھوڑوں گا اور ان کے جسم کو اپنی تلوار کا نیام بناؤں گا جب تک اس کا قبضہ میرے ہاتھ میں رہے گا اور اگر میرے پاس جنگ کے لئے ہتھیار نہ رہیں گے ۔ تو ان پر سنگ باراں کروں گا ۔ مگر خدا کی قسم ہم آپ کی خدمت سے ہرگز علیحدہ نہ ہوں گے تاکہ خدائے سبحانہٗ وتعالیٰ پر یہ ثابت ہو جائے کہ غیبت رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہم ان کے فرزندِ دلبند کے محافظ رہے اور ہم نے اپنی حفاظت کے فرض کو کما حقہٗ ادا کر دیا ۔قسم خدا کی اگر مجھے یہ معلوم ہو جائے کہ میں مارا جاؤں گا پھر جلایا جاؤں گا اور پھر زندہ جلا دیا اور جلائے جانے کے بعد میری خاک ہوا میں اڑا دی جائے گی اور یہ امر ستر بار کیا جائے گا تو بھی میں آپ کی خدمت سے جدا نہ ہوں گا ۔یہاں تک کہ آپ کے ہمراہ مارا جاؤں اور یہ تو صرف ایک ہی دفعہ قتل ہونا ہے پھر اس کے بعد ہمیشہ

ہمیشہ کی راحت ہے جو کبھی تمام ہونے والی نہیں۔

ان کے بعد زہیر ابن القین رضی اللہ عنہ اٹھے اور فرمانے لگے ۔ قسم خدا کی مجھے یہ پسند ہے کہ میں مارا جاؤں اور پھر زندہ کیا جاؤں اور پھر قتل کیا جاؤں اور اسی طرح ہزار مرتبہ قتل کیا جاؤں۔ تاہم مجھ کو اپنے یہ تمام مصائب قبول ہیں اگر اس کے عوض میں آپ کے اور آپ کے اہل بیت علیہم السلام کے سر سے آئی ہوئی یہ بلا ٹل جائے ۔ یہ امر بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ ان جاں نثاروں کے یہ عقیدے کچھ خالی زبانی ہی نہ تھے۔ ان کامل الایمان بزرگوں نے معرکۂ کارزار میں دھوپ، پیاس اور اضطراب کی حالت میں حریف سے مقابلہ کر کے ایک ایک نے دس دس بیس بیس کو مار کر ثابت کر دیا کہ ہم ہیں سچے بہادر اور ہم ہیں اصلی وفادار۔ معرکۂ کارزار گرم ہوتے ہی شوق وفا میں ان کی شجاعت بے مثل و بینظیر ثابت ہوئی۔ مؤرخین کا بیان ہے کہ جنگ شروع ہوتے ہی ان میں وہ عجیب جوش پھیل گیا تھا کہ ایک دوسرے پر شہید ہونے کے واسطے گرا پڑتا تھا اور ایک دوسرے کو آگے جاتا دیکھ کر صف سے نکلا پڑتا۔ یہ اس کا ہاتھ تھام کر پیچھے کر دیتا تھا اور وہ اس سے آپ آگے بڑھ جاتا تھا۔ ان سعادتمندوں میں سے **محمد ابن البشر الحضرمیؓ** کا واقعہ ان کامل الوفا اور راسخ الاعتقاد ہونے کے سبب آج تک یادگار ہے۔

محمدؓ کو عین اس وقت جب کہ جانبین سے صف آرائی ہو کر جنگ آغاز ہوا چاہتی تھی ، خبر ملی کہ اس کا بیٹا مملکت رے کی سرحد میں گرفتار ہو گیا ہے اور وہاں کوئی آدمی اس کے قبیلہ کا ایسا نہیں ہے جو اس کی دیت دیکر اس کی مخلصی کی کوئی تدبیر کر سکے۔ اب تاوقتیکہ اس کی دیت ادا نہ کی جائے اس کی رہائی محال ہے ۔ ایسی وحشتناک خبر سن کر کیا کسی کے باپ کا دل آپے میں رہ سکتا ہے اور کیا وہ اس کو رہائی دلائے بغیر مطمئن ہو سکتا ہے مگر محمدؓ کا تحمل و استقلال حقیقت میں اپنی آپ مثال تھا جس کی نظیر سے دنیا کے کارنامے خالی ہیں۔ محمد ابن البشر الحضرمی رضی اللہ عنہ نے اس خبر کے پہنچنے پر کوئی

اعتنا نہیں کی اور صاف کہدیا کہ اگر وہ اسیر ہو گیا تو میں بھی اب خود اس کے بعد زندہ نہ رہوں گا جو اس کی ذلت و خواری دیکھوں یا اس کے لئے مغموم کیا جاؤں میں ایسے وقت میں اس کی نصرت کو جناب امام حسین علیہ السلام کی نصرت پر ترجیح نہیں دے سکتا۔

یہ ہے سچا اعتقاد اور یہ ہے خالص جاں نثاری۔ اگر محمد اس وقت چلے بھی جاتے تو دنیا میں کوئی شخص ان پر الزام نہ لگا سکتا اور معترض نہ ہو سکتا مگر ان کے متبرک نفس نے خود اپنے بیٹے کی نصرت اور جناب رسولِ خدا کے بیٹے کی نصرت کے فرق کو اچھی طرح سمجھ لیا تھا۔ جناب امام حسین علیہ السلام نے اس خبر کو اور محمدؓ کے اس جواب کو سنا۔ تو محمدؓ کو پاس بلا کر خود فرمایا۔ رحمک اللہ انت فی حل من بیعتی فاعمل من فکاک ابنک فقال اکلتنی اسباع حیا ان فارقتک قال فاعط ابنک ھذہ الاثواب البرد یستعین بھا فی فداء خیہ فاعطاہ خمسۃ اثواب قیمتھا الف دینار۔

خدائے سبحانہ وتعالیٰ تم پر اپنی رحمت نازل کرے، میں نے اپنی اطاعت کا بار تم سے اٹھا لیا اور تم کو اختیار دیا کہ تم جا کر اپنے بیٹے کو قید سے رہائی دلواؤ۔ محمدؓ نے عرض کیا یا ابنِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم اگر میں آپ کو چھوڑ دوں تو جانوران درندہ مجھے پھاڑ ڈالیں تب جناب امام حسین علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ برد اپنے دوسرے بیٹے کو دلوا دو اور اس سے کہدو کہ وہ اپنے بھائی کا فدیہ دیکر اس کو چھڑا لائے۔ غرض پانچ عدد بُرد اس کے بھائی کو دلوا دیں جن کی قیمت ایک ہزار اشرفی تھی۔

ان جاں نثاروں کے حالات میں سے ہم نے صرف انہی دو بزرگواروں کے خلوص و عقیدت کا ذکر لکھا ہے۔ جس سے ہمارے ناظرین کو معلوم ہو گیا کہ ان کی نسبت جناب امام حسین علیہ السلام کا وہ کلام جو ابھی ابھی آپ کے خط میں لکھا جا چکا ہے کتنا صحیح اور واقعی ہے۔

یہ تو اصحاب جاں نثار کے حالات تھے، اب اعزہ و اقارب کے خلوص کا نمونہ

دیکھیئے، ہم اوپر لکھ آئے ہیں کہ شمر ذی الجوشن کے ہمراہ حضرت عباس علیہ السلام کے ماموں نے اپنے غلام عرفان کو بھیجا تھا۔ اس غرض سے کہ وہ ابن زیاد کا خط امان دکھا کر حضرت امُّ البنین کے چاروں صاحبزادوں کو میدانِ جنگ سے واپس بلا لے اور حضرت عباسؑ کو اپنے خاص خط میں لکھ بھیجا تھا کہ زمانہ پر آشوب ہو رہا ہے۔ حفاظت جان و اہل و عیال ضرور ہے۔ مناسب ہے کہ تم اس وقت اپنے بھائی کی نصرت سے کنارہ کش ہو جاؤ اور پھر کسی وقت آگے چل کر اس کی تلافی کر لینا۔ تمہارے اور تمہارے بھائیوں کے لئے خط امان بھیجا جاتا ہے جو ایسے نازک وقت میں تمہارے لئے نعمتِ غیر مترقبہ سے کم نہیں۔ پس تم ابن زیاد کے فرمان اور میرے خط کی تعمیل میں تعجیل کرو۔

آٹھویں کا دن تمام ہو کر نویں تاریخ کی شب کو عرفان نے وہ خط بجنسہٖ حضرت عباس علیہ السلام کو دیا اور آپ نے پڑھ کر فوراً وہ خط زمین پر پھینک دیا، اور عرفان سے کہہ دیا کہ تو جا کر ہمارے ماموں سے کہہ دے تمہارے بھانجے ایسے نہیں ہیں جو فرزند رسولؐ کو چھوڑ کر ابن زیاد کی بیعت کریں، ہم کو اس کی امان کی کوئی قدر نہیں ہے، ہمارے لئے خدائے قادر و توانا کی امان کافی ہے، جو کچھ ہمارے لئے اس کی مشیت میں مقدر ہو چکا ہے، وہی ہر حال میں بہتر اور مناسب ہے۔

عرفان تو یہ جواب سن کر شمر سے سارا ماجرا دہراتا ہوا اسی وقت کربلا سے کوفہ کو واپس ہوا۔ شمر ذی الجوشن بھی قبیلۂ کلب سے تھا اور بنی کلب قبیلۂ خفر بیہ کی ایک شاخ سمجھا جاتا تھا۔ اسی لئے شمر ذی الجوشن کو بھی حضرت عباس علیہ السلام کی تقریر سے ایک گونہ قرابت کا دعویٰ ضرور تھا۔ عرفان سے حضرت عباس علیہ السلام کی تقریر سنکر اس نے ظاہری طور پر تو اپنی قرابت کے حقوق کا اظہار کرنا چاہا۔ مگر باطن میں اس کی ان کوششوں سے حضرت عباس علیہ السلام کا جدا کر لینا منظور تھا

اس لئے کہ حضرت عباس علیہ السلام کی شجاعت اور دلیری اس وقت زبان زد خاص و عام ہو رہی تھی۔ جناب امام حسین علیہ السلام کی قوت توڑنے کے لئے اس نے اس امر میں پہلے ہی کوشش کی، وہ کچھ رات گئے اپنے لشکر سے خیام امام علیہ السلام کی طرف آیا اور قریب پہنچ کر بآواز بلند پکارنے لگا۔ اَیْنَ بنو اختی عبد اللہ و جعفر و عباس و عثمان۔ کہاں ہیں میری بہن کے لڑکے عبد اللہ، جعفر، عباس اور عثمان، مجھ کو ان سے کچھ کہنا ہے۔ اتفاق سے جناب امام حسین علیہ السلام نے خود اس کی آواز کو سنا اور فوراً حضرت عباس علیہ السلام کو بلا کر ارشاد کیا کہ اگرچہ شمر فاسق ترین مردم ہے مگر چونکہ قرابت میں وہ تمہارا ماموں ہے تو مناسب ہے کہ تم اس کے سوال کا جواب دو، امام عالی مقام کا حکم پاکر وہ چاروں بھائی خیمہ سے نکل کر وہاں پہنچے جہاں شمر علیہ اللعنۃ والعذاب ان کے انتظار میں کھڑا تھا۔ حضرت عباسؑ نے پوچھا کہ تو نے ہم لوگوں کو کیوں بلایا ہے؟ اس نے کہا کہ سنو، تم سب میری بہن کے لڑکے ہو، تمہارے لئے پورے طور سے حکم اماں ہے۔ پس تم علیحدہ ہو جاؤ اور جناب امام حسین رضی اللہ عنہ کی طرف سے شریک جنگ نہ ہو اور بیکار اپنی جانوں کو ہلاکت میں نہ ڈالو اور یزید کی بیعت و اطاعت اختیار نہ کرو۔ اتنا سننا تھا کہ وہ چاروں وفادار اپنے آپے میں نہ رہے۔ حضرت عباس علیہ السلام نے خشم آلود نگاہوں سے اس کی طرف دیکھ کر کہا تَبَّتْ یداك ولعن ما جئتَ بہ من امانک یا عدو اللہ اتامرنا ان نترك اخانا وسیدنا الحسینؑ ابن فاطمہ علیہما السلام وندخل فی طاعۃ اللعناءِ واولادِ اللعناء اتؤمننا وابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لا امان لہٗ۔: تیرے ہاتھ کاٹے جائیں اور تیری اس امان پر جو اپنے ہمراہ لایا ہے دونوں پر لعنت ہو، اے دشمن خدا تو ہم سے کہتا ہے کہ ہم اپنے آقا اور بھائی حسین ابن فاطمہ علیہا السلام کی رفاقت سے ہاتھ اٹھائیں اور اپنا سر ایک فاسق اور فاجر

کی اطاعت میں جھکائیں، تو ہم لوگوں کو امان دیتا ہے اور فرزندِ رسول علیہما السلام کے لئے امان نہیں ہے۔ اتنا سننا تھا کہ شمر کے حواس باختہ ہوگئے اور وہاں سے چلتا ہوا اور اپنے لشکر میں پہنچ گیا۔ (اعثم کوفی صفحہ ۳۳۸ و ناسخ التواریخ صفحہ ۲۴۱)

حضرت عباس علیہ السلام نے اپنے ارشاد کا کلمۂ تبت یدا سے آغاز کیا ہے۔ اس سے ہر شخص بخوبی سمجھ سکتا ہے کہ آپ شمر کی قرابت کو اس وقت اپنے ساتھ ایسا ہی سمجھتے تھے جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ابولہب کی قرابت تھی۔ اسی بنا پر آپ نے شمر کو انہی الفاظ سے خطاب فرمایا جن الفاظ سے ابولہب کو حق سبحانہ وتعالیٰ نے اس کے مظالم اور گمراہی کی پاداش میں متنبہ فرمایا ہے۔ طبری، روضۃ الصفا اور دوسری تاریخوں میں بھی یہ قصہ بتفصیل درج ہے۔ امام طبری اور امام اسفرائنی وغیرہ نے عرفان کے واقعہ کو نہیں لکھا ہے، صرف شمر کی گفتگو لکھی ہے۔

ابوحمزہ ثمالی جناب امام زین العابدین علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں۔ قال علیہ السلام لما کان الیوم الذی استشہد فیہ ابی اجمع اہلہ واصحابہ فی لیلۃ ذلک الیوم فقال لھم یا اھلی وشیعتی اتخذوا ھذا اللیل جمالکم فانجوا بانفسکم فلیس مطلوب غیری ولو قتلونی مافکروا الی غیری فانجوا وحکم اللہ فانتم فی حل وسعۃ من بیعتی وعھد الذی عاھدتمونی۔

سید الساجدین امام زین العابدین علیہ السلام فرماتے ہیں کہ شبِ عاشورا جس کی صبح کو میرے والد ماجد جناب امام حسین علیہ السلام شہید ہوئے۔ انہوں نے تمام اہلبیت و جمیع انصار کو جمع کیا اور فرمایا کہ تم لوگ اپنی اپنی سواری کے ناقے تیار کرلو اور اس تہلکہ سے اپنی جانیں بچالو۔ کیونکہ اس قوم شقاوت پیشہ کو سوائے میرے اور کسی سے کوئی مطلب نہیں ہے جب یہ مجھ کو قتل کرلیں گے تو تمہارا خیال تک نہ کریں گے۔ پس تم لوگ اپنی اپنی راہیں اختیار کرلو اور میں اپنی بیعت کا بار تمہاری گردنوں سے اٹھائے لیتا ہوں اور تمہارے اس

عہد و پیمان کو جو تم نے نہایت مضبوطی سے میرے ساتھ کیا ہے واپس لیتا ہوں۔

امام عالیمقام کا یہ کلام سنکر تمام جان نثاروں نے ایک زبان ہو کر یہی عرض کیا کہ اے سید و مولا ہمارے قسم خدا کی ہم کبھی آپ کے دامن نہ چھوڑینگے اور دوسروں کو یہ کہنے کا موقع نہ دینگے کہ ان لوگوں نے اپنے امام کا ساتھ چھوڑ دیا۔ اگر ہم ایسا کریں تو اپنے ان افعال کے لئے خدا کے سامنے کیا عذر پیش کریں گے اور اس کے سامنے کیا منہ دکھلائینگے قسم خدا کی آج ہم سے سوائے اس کے اور کچھ نہیں ہو سکتا کہ ہم سب آپ کی رفاقت میں اپنی جان دے دیں۔ یہ سُن کر امام حسین علیہ السلام نے فرمایا کہ کل ہم مارے جائیں گے اور تم سب بھی ہمارے ساتھ مارے جاؤ گے اور تم میں سے ایک بھی زندہ نہ رہے گا۔ یہ سن کر ان سعادتمندوں نے جواب دیا کہ خدائے سُبحانہ و تعالیٰ کا شکر ہے کہ وہ ہم سب کو آپ کی نصرت و حمایت کے صلے میں شہادت کے منصب جلیلہ پر فائز فرمائے گا اور اے ہمارے آقا! کیا آپ چاہتے ہیں کہ ہم اتنی بڑی سعادت کے حصول پر دلشاد اور مطمئن نہ ہوں۔ خالص جاں نثاروں کی یہ پرجوش تقریر سنکر امام عالی مقام نے بیساختہ فرمایا کہ جزاکم اللہ خیرا و دعا لھم بخیر'

(نوٹ) اس جذبۂ جان فروشی کا مظاہرہ دیکھنے کے بعد تحقیقات چشتی اور تاریخ بی بیان پاکدامناں کا یہ بیان کہ "حضرت علیؓ و جناب عقیلؓ کی صاحبزادیاں سات سو چار افراد کی معیت میں بحکم امام حسینؓ میدان کربلا سے ہجرت کر کے لاہور آگئیں" سراسر ایک جھوٹ اور بہت بڑا بہتان نظر آتا ہے۔ حقیقت میں امام موصوف کے اہل بیت پر "راہِ فرار" کا لیبل چسپاں کرنے والے محبان حسینؓ کیونکر ہو سکتے ہیں۔

صـ ۴۰۲

زندگانی امام زین العابدین مصنف عمادزادہ! تہران ایران

اہل بیت چند روز رخصت گرفتند در شام عزاداری کردہ و در خلال اباس عزا و مراثی باز۔

حقائق را آشکارا نمودند و بیدادگری ظالم و ستمگاران را بر ہر کس روشن نمودند و چون این ایام سوگواری تمام شد و بعد از انقلاب پاشیدہ گردید بر آں شدند کہ بسوئے مدینہ حرکت نمائیند۔ یزید نعمان بن بشیر را مامور کرد کہ این قافلہ را بمدینہ برساند و محمل سواری و شتران اسباب سفر را حاضر کرد و ازیں جا دیگر صورت مسافرت و قیامہ قافلہ عوض شد، بصورت آبرومندی، در آمد چون اطفال یتیم و اسرار حسین آن منظرہ را دید، یکمرتبہ بیاد قافلہ پدر افتادند کہ بکر بلا میرفتند و غوغائی عجیبی برپا شد و اشعار و مرائی بسیاری سرودہ شد تا ہر یک در یک محملی با عزت تمام جا گرفتند و بطرف مدینہ رہسپار شدند؛

تاریخ اسلام __جلد سوئم__ __صہ ۱۴۱__ **مصنف عبد الرحمٰن شوق**

حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کوفہ کے قریب میدان کربلا میں شہید ہوئے اور ان کا سر مبارک دمشق میں دفن ہوا لیکن کچھ عرصہ جہاں آپ شہید ہوئے تھے یعنی میدانِ کربلا میں آپ کا روضہ بنایا گیا جو مشہدِ حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نام سے مشہور ہے۔

حضرت زینبؓ و زین العابدین و دیگر خاندان حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ رہا ہو کر مدینہ شریف میں آگیا اور اسی جگہ ان صابر و مظلوم پاکیزہ ہستیوں نے عالمِ جاودانی کو لبیک کہا؛

تاریخ ابن خلدون، حصہ دوم **مصنف __علامہ عبد الرحمٰن ابن خلدون__**

ص ۔ ۱۲۱

یزید کی زُودِ پشیمانی

مصنف عقد الفرید نے لکھا ہے کہ جس وقت قیدیانِ اہل بیت یزید کے روبرو پیش کئے گئے نعمان بن بشیر انصاری نے کہا تھا ذرا سوچو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کے ساتھ کیا برتاؤ

کرتے تھے، اگر وہ اس حالت میں ان کو دیکھتے تو کیا کرتے ؟ یزید نے کہا تم سچ کہتے ہو ان لوگوں کو آزاد کر کے رہنے کے لئے خیمہ ایستادہ کر دیئے گئے، کھانا حسب ضرورت مہیا کر دیا گیا۔

اہلبیت کی مدینہ روانگی

پھر جس وقت اہل بیت امام، مدینہ کی جانب روانہ ہونے لگے تو نعمان بن بشیر نے یزید کے حکم سے ایک نہایت متدین باایمان شخص کو مع چند سواروں کے ہمراہ کر دیا اور باربرداری و اسباب جس قدر لوٹ لیا گیا تھا اس سے دوگنا دے کر رخصت کیا۔ روانگی کے وقت یزید نے علیؑ بن حسینؑ کو رخصت کرنے کی غرض سے بلا کر کہا " ابن مرجانہ پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو، واللہ اگر میں اس کی جگہ پر ہوتا تو جو درخواست حسینؑ پیش کرتے میں قبول کرتا اور ان کی مصیبت و تنگی کو جہاں تک مجھ سے ممکن ہوتا دفع کرتا لیکن اللہ تعالیٰ کو جو کچھ منظور تھا وہ ہوا۔ اے صاحبزادے اب جو تم کو آئندہ ضرورتیں پیش آئیں مجھے لکھنا" پھر محافظین کی طرف متوجہ ہو کر بولا" دیکھو ان لوگوں کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہونے پائے۔ غرض یزید سے امام زین العابدین رخصت ہو کر مع اپنے اہل بیت کے منزل بمنزل سفر کرتے ہوئے مدینہ منورہ پہنچ گئے، محافظین اس وجہ سے نہیں کہ یزید کا حکم تھا بلکہ بخیال قرابت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہایت عزت و احترام و آرام سے لائے کسی قسم کی تکلیف اثنا راہ میں نہ ہونے پائی۔ جہاں پر قیام پذیر ہوتے تھے چوکیداروں کی طرح سے محافظت و نگہبانی کرتے تھے۔

رباب بنت امراء القیس زوجہ امام حسین (مادر سکینہ) مکہ معظمہ سے آپ کے ہمراہ کربلا اور وہاں سے قید کر کے شام بھیجی گئیں، پھر امام زین العابدین کے ہمراہ مدینہ منورہ واپس آئیں اور ایک برس بعد واقعہ کربلا کے انتقال کیا۔

تاریخ طبری

مصنف علامہ طبری ، ترجمہ سید حیدر علی طباطبائی

امیر معاویہؓ سے شہادت حسینؓ تک ۔ ص ۲۱۴

حضرت عبداللہ بن جعفر کا صبر و ایثار

عبداللہ بن جعفر کو حسینؓ کے ساتھ اپنے دونوں بیٹوں کے قتل ہونے کی خبر جب پہنچی تو ان کے بعض خدام اور سب لوگ پرسہ دینے کو ان کے پاس آئے۔ خدام میں ایک غلام آزاد ان کا شاید ابو السلاس کہنے لگا۔ یہ مصیبت ہم پر حسینؓ نے ڈالی، عبداللہ بن جعفر نے یہ سنکر اسے جوتا کھینچ کر مارا اور کہا او پسر مختار حسینؑ کی نسبت ایسا کلمہ کہتا ہے۔ واللہ اگر میں خود وہاں ہوتا تو ہرگز ان سے جدا نہ ہوتا اور یہی چاہتا کہ ان کے ساتھ میں بھی قتل ہو جاؤں۔ واللہ وہ ایسے ہیں کہ ان دونوں فرزندوں کے عوض اپنی جان ان پر فدا کرتا۔ ان دونوں فرزندوں کی مصیبت کو میں مصیبت نہیں سمجھتا۔ انہوں نے میرے بھائی میرے عم کے ساتھ ان کی رفاقت میں صبر و رضا کے ساتھ اپنی جان دی ہے۔

یہ کہہ کر اپنے ہم نشینوں کی طرف متوجہ ہوئے اور کہا شکر ہے خداوند عالم کا جس نے قتل حسینؓ کے غم میں ہم کو مبتلا کیا کہ حسینؑ کی نصرت میرے ہاتھ سے نہ ہوئی تو میرے فرزندوں سے تو ہوئی

امّ لقمان بنت عقیل کا نوحہ

جب اہل مدینہ کو قتل حسینؑ کی خبر پہنچی تو ام لقمان بنت عقیل ابن ابی طالب اپنے خاندان کی عورتوں کو ساتھ لئے ہوئے نکلیں، منہ ان کا کھلا ہوا تھا۔ چادر کو سنبھالتی جاتی تھیں اور یہ کہہ رہی تھیں ؎

مَاذَا تَقُوْلُوْنَ اِذْ قَالَ النَّبِیُّ لَکُم   مَاذَا فَعَلْتُم وَاَنْتُمْ آخِرُ الْاُمَمِ

بِعِتْرَتِیْ وَاَھْلِیْ بَعْدَ مُفْتَقَدِیْ   مِنْھُمْ اُسَارٰی وَمِنْھُمْ ضُرِّجُوْا بِدَمِ

لوگو کیا جواب دو گے پیغمبر کو جب وہ تم سے یہ بات پوچھیں گے کہ تم نے پیغمبر آخر الزمان کی امت ہو کر میری عترت اور میرے اہل بیت کے ساتھ میرے بعد کیا سلوک کیا ان میں سے کچھ اسیر ہیں اور کچھ خاک و خون ؎

ذبحِ عظیم (مولفہ، خان بہادر مولوی سید اولاد حیدر صاحب فوق بلگرامی) ص ۲۵۹

"کربلا میں سیدہ رقیہ کبریٰ بنت حضرت علی المرتضیٰ زوجہ جناب مسلم بن عقیل کا جذبہ حریت
ان کے بعد ایک ایسے سعادتمند نے اجازت حرب حاصل کی جس کا باپ ابھی ابھی اہل
کوفہ کے ہاتھوں شہید ہو چکا تھا۔ اس کی خوش عقیدہ ماں نے اپنے بیٹے کو مخاطب
کر کے کہا:- اُخرُج یا بُنیّ وقاتل بین یدی ابن رسول اللہ علیہ السلام۔ اے
میرے فرزند! نکل کر اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے فرزند کے سامنے قتل ہو جا۔
وہ مطیع اور بہادر جوان امام عالی مقامؑ کی خدمت میں حاضر ہو کر عازم جنگ ہوا۔ تو
جناب امام حسینؓ نے اس کی طرف دیکھ کر فرمایا ھٰذا شابٌ قُتل ابوہُ ولعلّ اُمّہٗ
تُکرہ خروجہ یہ ابھی جوان ہے اور ابھی ابھی اس کا باپ مارا گیا ہے شاید اس
کی وجہ سے اس کی ماں کو اس کا روانہ ہونا گوارا نہ ہو، اس کامل الولا نے جواب دیا۔
یا ابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں میری ماں ہی نے
یہ تلوار اپنے ہاتھ سے میری کمر میں باندھی ہے کہ میں آپ کی نصرت کے فرائض ادا کروں یہ سنکر
جناب امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے رخصت کیا اور وہ صف جنگاہ میں آکر یوں
رجز خواں ہوا ؎

امیری حسین ونعم الامیر	سرور فوادِ البشیر النذیر
لہ طلعۃٌ مثل شمس الضحیٰ	لہ غرۃٌ مثل بدرٍ منیر

رجز کے بعد فوج مخالف پر حملہ آور ہوئے اور اپنی شجاعت کے بیش بہا اور قابل قدر جوہر
دکھلا کر شہید ہو گئے۔ ان بے دینوں نے ان کے سر کو بھی حضرت عبداللہ ابن وہب کلبی کے
سر کی طرح لشکر جناب امام حسینؓ میں پھینک دیا۔ اس کی غم رسیدہ ماں نے اس کا سر اپنی گود
میں اٹھا لیا اور پے در پے اس کے بوسے لئے اور کہنے لگی۔ اے میرے بیٹے! اے میرے
دل کے سرور، اے میری آنکھوں کے نور۔ پھر اس کو سپاہِ دشمن کی طرف پھینکدیا اور اپنے

قلق و اضطراب کی حالت میں فوجِ مخالف پر دوڑ پڑی اور یوں رجز خواں ہوئی

انا عجوز سیدی ضعیفة — خالیة بالیة نحیفة

اضربکم بضربة عنیفة — دون بنی فاطمة الشریفة

فوجِ کفار سے دو بے دینوں کو مار گرایا۔ جناب امام حسین علیہ السلام کو خبر ہوئی تو اس کو فوراً واپس بلا لیا۔

تاریخ طبری حصّہ سوم

مؤلفہ علامہ طبری ، ترجمہ سید حیدر علی طباطبائی

ص - ۴۴۸ تا ۴۵۰

نسب و خاندان آپ کا اسم گرامی علیؓ بن ابی طالب تھا آپ کے والد ابو طالب کا نام عبد مناف تھا اور عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف کے بیٹے تھے آپ کی والدہ کا نام فاطمہ تھا جو اسد بن ہاشم ابن عبد مناف کی صاحبزادی تھیں۔

ازواج و اولاد (۱) سب سے پہلے آپ نے حضرت فاطمہؓ بنت رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے شادی فرمائی اور ان کی موجودگی میں کوئی دوسری شادی نہیں کی حضرت علیؓ کے یہاں حضرت فاطمہؓ سے حضرت حسنؓ، حضرت حسینؓ اور ایک لڑکا جن کا نام محسن تھا پیدا ہوئے۔ محسن کم عُمری میں انتقال کر گئے، دو صاحبزادیاں یعنی زینب الکبریٰ اور ام کلثوم پیدا ہوئیں۔

۲۔ حضرت علیؓ نے حضرت فاطمہؓ کے بعد اُم البنین بنت حزام سے شادی فرمائی ام البنین ابو المحل بن خالد بن ربیعہ بن الوحید بن کعب بن عامر بن کلاب کی بیٹی تھیں ان سے حضرت علیؓ کے یہاں عباس، جعفر، عبد اللہ اور عثمان پیدا ہوئے، عباس کے علاوہ بقیہ تینوں لڑکے حضرت حسینؓ کے ساتھ کربلا میں شہید کئے گئے۔

۳۔ ایک شادی لیلیٰ بنت مسعود بن خالد بن مالک بن ربعی ابن سلمی بن جندل بن نہشل بن دارم بن مالک بن حنظلہ بن مالک بن زید مناۃ ابن تمیم سے کی، ان سے عبید اللہ اور

ابوبکر پیدا ہوئے، ہشام بن محمد کا قول ہے کہ یہ دونوں لڑکے حضرت حسینؓ کے ساتھ طف میں مارے گئے، محمد بن عمر کا کہنا ہے کہ عبیداللہ بن علیؓ کو مختار ابن ابی عبید نے مذار میں قتل کیا تھا اور محمد بن عمر یہ بھی کہتا ہے کہ عبیداللہ اور ابوبکر سے حضرت علیؓ کے کوئی اولاد باقی نہیں رہی۔

۴:۔ ایک شادی اسماء بنت عمیس سے فرمائی۔ بقول ہشام ابن محمد ان سے یحییٰ اور محمد الاصغر پیدا ہوئے لیکن ان دونوں کے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

حارث نے ابن سعد کے ذریعہ واقدی سے نقل کیا ہے کہ حضرت علیؓ کے یہاں اسماء سے یحییٰ اور عون پیدا ہوئے اور محمد الاصغر بعض مؤرخین کے نزدیک ایک امّ ولد سے پیدا ہوئے تھے یہی واقدی کا قول ہے، نیز واقدی کہتا ہے کہ محمد الاصغر حضرت حسینؓ کے ساتھ قتل کئے گئے۔

مولوی غلام دستگیر نامی نے جو محلہ چلہ بی بیاں میں رہتے ہیں، تاریخی واقعات سے سطور بالا در تحقیقات چشتی کی کہانی، کی تردید کی ہے۔ چنانچہ راقم الحروف کے پاس آپ نے جو مضمون بھیجا ہے۔ اس میں لکھا ہے کہ (۱) جو نام .... تحقیقات چشتی وغیرہ میں حضرت عقیل کی بیٹیوں کے لکھے ہیں، ان میں سے کوئی نام آپ کی کسی بیٹی کا نہ تھا اور آخری دو نام گوہر و شہباز تو اہل عرب کے ہیں ہی نہیں۔ (۲) یہ بات بھی ناممکن ہے کہ ان بیبیوں کو سوائے

لاہور کے جو اس زمانہ میں تمام غیر مسلموں سے آباد تھا۔ کوئی جائے پناہ نظر ہی نہ آئی۔
(۳) بنی امیّہ کو مستورات سے کچھ تعرض نہ تھا اور نہ وہ خاندانِ حضرت سیدالشہداء رض کی ایذارسانی کے درپے تھے (۴) ہندوستان میں آنے کی نسبت وہ مدینہ کی طرف بآسانی جاسکتی تھیں اور محفوظ رہ سکتی تھیں۔[1]

پھر آخر کون ہیں (صاحبِ مزارات بی بی پاکدامناں) اس کے متعلق نامی صاحب لکھتے ہیں کہ یہ بی بیاں حضرت سید احمد توختہ ترمذی کی صاحبزادیاں تھیں جو چھٹی صدی ہجری کے آخری حصّہ میں اپنے وطن سے پہلے مکران آئے اور پھر لاہور آئے اور یہیں ان کا انتقال ہوا۔ ان کی بیٹیاں بڑی عابدہ وزاہدہ اور علم دین میں کمال درجہ رکھتی تھیں سنہ ۶۱۴ھ میں چنگیز خانی لشکر جلال الدین خوارزمی کے تعاقب میں تاخت کرتا ہوا لاہور پہنچا تو اسے بھی تاراج کیا۔ بیبیوں نے خدا کی درگاہ میں التجا کی کہ ہمیں نامحرموں کی دست برد سے محفوظ رکھ چنانچہ زمین نے انہیں اپنے اندر چھپالیا۔

---

[1] تاریخ کی تمام کتابوں میں دمشق سے مدینہ جانے کا احوالِ قافلۂ اہلِ بیت وضاحت سے درج ہے جس کو جھٹلایا نہیں جاسکتا۔ (حفیظ اللہ خاں منظر)

مآثرِ لاہور (باغات و مزارات)

مؤلفہ منشی محمد دین فوق۔ مرتبہ محمد عبداللہ قریشی۔ نقوش کا لاہور نمبر فروری ۱۹۶۲ء

عنوان:۔ بی بی پاک دامناں

بی بی پاکدامناں کا ذکر تحقیقات چشتی کے حوالہ سے راقم نے تصنیف یادِ رفتگاں ۱۹۰۴ء میں تفصیل سے لکھا تھا۔ اس وقت تک سب کا یہی خیال تھا کہ ان بیبیوں میں جن کی تعداد چھ بتائی جاتی ہے۔ ایک بی بی حاج نام حضرت علی کی بیٹی تھی اور پانچ بیبیاں ان کے بھائی حضرت عقیل کی صاحبزادیاں تھیں جو واقعہ کربلا کے بعد اپنی جانیں بچا کر لاہور آگئیں اور لاہور میں چونکہ اس زمانہ میں ہندو راجگان کی حکومت تھی اس لئے وہ ان کے خوف سے دعا کر کے زمین میں سما گئیں۔ راقم نے اپنی کتاب کے حاشیہ میں صاحبِ تحقیقات کو ناقابلِ یقین سمجھ کر اس پر شبہ ظاہر کر دیا تھا۔ اب مزید تفصیلی حالات مندرجہ تاریخ جلیلہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان بیبیوں میں جن کے نام تاج حاج، حور، نور، گوہر اور شہباز تھے نہ کوئی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی تھی نہ حضرت عقیل کی اور اس کی وجہ یہ ہے کہ واقعہ کربلا کے وقت جب لاہور میں کوئی مسلمان ہی نہ تھا۔ تو ان کو اپنے وطن سے ہزارہا میل دور یہاں آنے کی کیا ضرورت تھی اور پھر وہ عورتیں اپنی تنہائی اور بے کسی کے عالم میں اتنی دور صحیح سلامت کس طرح پہنچ سکتی تھیں وہ لاہور کی نسبت کوفہ شام یا حرمین شریفین میں جا کر زیادہ محفوظ رہ سکتی تھیں۔ جو کربلا سے نزدیک تر مقامات تھے۔ لاہور میں تو ان کی کوئی زبان بھی نہ جانتا تھا پھر تاج۔ گوہر اور شہباز وغیرہ نہ کوئی عربی نام ہیں۔ اس زمانہ کے عربوں میں یہ نام مروج نہ تھے۔

ضمیمہ، خاندان نامیہ کا رسالہ نمبر ۱۷

بی بیاں پاکدامناں کے نسب و ورود لاہور کی تاریخ کے متعلق تحقیق

از قلم :- پیر غلام دستگیر نامی اولاد سید حاجی بنت حضرت سید احمد توختہ ترمذیؒ

تاریخ طباعت شعبان ۱۳۵۴ھ مطابق نومبر ۱۹۳۵ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرض حال

نحمدہٗ و نصلّی علیٰ رسولہ الکریم و علیٰ آلہٖ و اصحابہٖ اجمعین۔

شہر لاہور کے جنوب مشرق کی طرف قلعہ گوجر سنگھ (اب سے ۲۰۹ سال پیشتر کا آباد کردہ ہے۔ اس کے اور ایمپرلیس روڈ کے مشرق کی جانب ایک مشہور مزار بنام خانقاہ بی بیاں پاکدامن واقع ہے۔ جن بی بیوں کے یہاں مزارات ہیں۔ وہ معتبر تاریخی نوشتوں کے مطابق حضرت سید احمد توختہ ترمذی کی صاحبزادیاں ہیں۔ سید صاحب کا مزار اندرون دروازہ اکبری متصل چوک نواب صاحب محلہ چلہ بی بیاں میں ہے۔ یہ چلہ خانہ (انہی بی بیاں پاکدامن کا) جانب جنوب مزار سید صاحب موصوف۔ زیر حصہ مکان جدہ مادری خواجہ محمد اقبال بی اے وکیل و برادر انش واقع ہے۔ یہاں لوگ فاتحہ پڑھتے اور عقیدت سے چراغ روشن کرتے ہیں۔ اس چلّہ خانہ کے نام پر محلہ موسوم ہے اور اس کے غلط نام چھپل بی بیاں یا چہل بی بیاں کی میں نے ہی میونسپل کمیٹی لاہور سے بر بنائے اذکار قلندری تصحیح کرائی تھی۔ سید صاحبؒ کا سلسلہ نسب سات واسطوں سے امام زین العابدینؓ سے اس طرح ملتا ہے۔

(۱) حسب شجرہ نسب حضند سید اطہر حسن صاحب زاہدی ترمذی بی اے مدیر روزنامہ نسلمندار لاہور سید احمد توختہ ترمذی بن علی کاکیؒ بن حسین ثانیؒ بن محمد بخش بن حسین حمیص بن موسیٰ حمیص بن علی سجاد بن حسین اصغرؒ بن امام زین العابدینؒ۔

(۲) حسب شجرہ مندرجہ ومتذکرہ حمیدیہ سید احمد توختہ ترمذی ابن علی ترمذی بن حسین ثانی بن محمد مدنی بن شاہ ناصر ترمذی بن موسیٰ حسین بن سید بن علی اصغر بن زین العابدینؒ۔

(۳) حسب شجرہ نزد سید منور علی شاہ صاحب ترمذی مکانذار مسلم گنج مزنگ لاہور۔ سید احمد توختہ ترمذی بن سید علی کاکی بن سید حسین ثانی بن سید محمد مدنی بن سید حسن حمیص عرف ناصر ترمذی بن موسیٰ حمیص بن علی سجاد حسین بن حسین اصغر بن امام زین العابدین۔

کوٹلی لوہاراں کے ایک صاحب مزار پر شجرہ لے کر آئے تھے۔ جو نو اماموں کے واسطہ سے امام حسینؑ سے ملتا تھا عند التحقیق غلط ثابت ہوا۔

سید احمد توختہ ترمذی کا مزار مسکن نا می کے جانب مشرق واقع ہے۔ یہ ہمیشہ سے ہمارے بزرگوں کی تولیت میں رہا ہے اور ۱۳۲۹ھ سے میری تولیت میں ہے۔ ۱۹۱۴ء میں خاکسار کی کوشش سے اسکا پلستر اور فرش بندی ہوئی اور نیا دروازہ تعمیر ہوا جس پر سنگ مرمر کا کتبہ نصب ہے۔ اس کے بعد میں نے اس کے حجرہ غربی اور جنوبی حصہ پر ایک منزل ڈالی جو بطور کتب خانہ اور دارالمطالعہ خاکسار کے مستعمل ہے مزار کے باہر زیر سقف شاگرد لڑکیاں قرآن شریف پڑھتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس بزرگ کے مزار میں شادآباد کر کے بزرگوں کے نیک نام زندہ رکھنے کی توفیق دے کر میری اولاد اور مال میں برکت عطا کر رکھی ہے۔

الحمد اللہ علیٰ ذالک۔

بی بی پاکدامن کے نسب کے متعلق جدید تاریخوں میں بہت اختلاف ہے کیونکہ یہ ان پڑھ مجاوروں کے بیان پر مرتب کی گئی ہیں۔ میں نے حقیقت عالی پر روشنی ڈالنے کے لئے یہ رسالہ لکھا ہے تاکہ لوگ ان اشخاص کے دھوکے کا شکار نہ ہوں۔ جو واقعہ کربلا

سے ان بیبیوں کا تعلق بتلا کر ان کے مزارات پر مجلسِ ماتم برپا کر کے اس متبرک جگہ پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں۔ حالانکہ یہ بیبیاں اس سانحہ سے قریباً پانچ سو برس بعد پیدا ہوئیں۔ امید ہے کہ ناظرین غور سے اس رسالہ کا مطالعہ کریں گے۔

تنبیہہ کتاب المعارف میں جس کے مؤلف علامہ ابو محمد عبداللہ بن مسلم بن قتیبہ الکاتب الدینوری ۲۷۲ھ میں فوت ہوئے (امام زین العابدینؒ) علی کے صرف چار بیٹے از بطن ام عبداللہ بنت امام حسن بن علی لکھتے ہیں۔

(۱) حسن (۲) محمد (۳) علی المطلب افطن (۴) عبداللہ۔ علاوہ ازیں (۵) عمر اور (۶) زید شہید بھی ان کے بیٹے تھے۔ جن کی ماں میدان سندھ کی رہنے والی (لونڈی) تھی۔ پس معلوم ہوا کہ سید احمد توختہ ترمذی علی افطن بن علی المطلب زین العابدین کی اولاد سے ہیں جیسا کہ تذکرہ حمیدیہ میں مسطور ہے۔ حسین امام زین العابدین کے کسی بیٹے کا نام نہ تھا۔ شیعوں کی تاریخ الائمہ سے بھی یہی ثابت ہے۔

بی بیاں پاکدامن کے متعلق غلط بیان تحقیقات چشتی میں لکھا ہے کہ ان چھ بیبیوں میں ایک تو رقیہ المشہور بی بی حاج عباس علمدار بن علی المرتضٰی کی بہن تھی اور پانچ حضرت عقیل برادر حضرت علیؓ کی صاحبزادیاں ان کے نام تاج۔ حور۔ نور۔ گوہر اور شہباز تھے۔ حاج امام مسلم کی زوجہ تھی اور باقی پانچ ہمشیرگان یہ چھ بیبیاں امام حسین کے ہمراہ کربلا سے آئیں۔ مگر محرم کی نویں تاریخ کو امام حسنؓ نے حضرت علیؓ کے باطنی ایما پر انہیں ہندوستان کی طرف روانہ کر دیا اور وہاں قیام پذیر ہوئیں۔ جہاں اب ان کی خانقاہ ہے ان کے ورود پر راجہ

---

(۱) حضرت عباس کے صرف ۲ بھائی تھے جعفر اور عبداللہ بہن کوئی نہ تھی۔ (ناقی)

(۲) مسلم کی کسی سگی یا سوتیلی بہن کے یہ نام نہ تھے۔ (ناقی)

برماتری یا مہابرن کے آتشکدے سرد اور بت اوندھے ہو گئے۔ راجہ حیران ہوا۔ اپنے ولی عہد بکرما سہائے کو بھیجا کہ بیبیوں کو پکڑ لائے مگر وہ ان کی توجہ سے بیہوش ہو کر گر پڑا اور ہوش میں آکر مشرف باسلام ہو گیا۔ اس واقعہ پر ہنود میں شورش پیدا ہو گئی جس نے بلوے کی صورت اختیار کر لی۔ بی بیاں خائف ہوئیں۔ اللہ سے دعا مانگی کہ ہمیں نامحرموں کی دست بُرد سے بچا لے۔ چنانچہ زمین شق ہوئی اور وہ زمین میں سما گئیں۔ پیوند خاک ہونے سے پہلے انہوں نے اپنے سات سو چار ساتھیوں سے جو ولی اللہ حافظِ قرآن اور بزرگ تھے فرمایا کہ اپنے اپنے وطنوں کو چلے جاؤ۔ چنانچہ سب اتباعاً الحکم چلے گئے۔ صرف چار حافظ رہ گئے جو ساتھ ہی پیوند خاک ہوئے راجہ کے نو مسلم بیٹے کا نام عبداللہ یا جمال رکھا گیا۔ چنانچہ موجودہ مجاور اسی کی اولاد سے ہیں اور راجپوت کہلاتے ہیں۔ حدیقۃ الاولیأ میں ان بیبیوں کے متعلق مضمون حسب ذیل ہے۔

خاندان اہل بیت سے یہ بیبیاں عقیل بن علی (عقیل حضرت علیؓ کے کسی لڑکے کا نام نہ تھا۔ ہاں بھائی کا نام ضرور تھا (نامی) کی پانچ لڑکیاں تھیں۔ واقعۂ کربلا کے وقت یہ شام میں تھیں۔ امام حسین کی آمد سن کر یہ کربلا میں آئیں۔ مگر ان کے آنے سے پہلے خاتمہ ہو چکا تھا اس واسطے یہ اپنے ہمراہیوں کے ساتھ بخوفِ خاندانِ امیہ روانہ ہوئیں اور لاہور کے باہر آکر قیام کیا۔ بہت ان کے قدم کی برکت سے مشرف باسلام ہوئے۔ یہ خبر جب مسمی لہا راجہ لاہور کو پہنچی۔ اس نے اکثر اپنے دربار کے امیر اُن کی خدمت میں بھیجے اور کہہ کر بھیجا کہ یہاں سے چلی جائیں۔ مگر جو شخص جاتا۔ وہاں ہی مشرف باسلام ہو کر رہ جاتا۔ آخر راجہ کا بیٹا گیا اس نے بھی اسلام کا خلعت پہن لیا۔ راجہ نے جب یہ حال سنا۔ کمال غضب ناک ہوا اور لشکر کے ساتھ ان کے قتل پر آمادہ ہوا۔ جب نزدیک پہنچا تو بیبیوں نے خدا کی جناب میں عرض کی کہ ہم کو نامحرموں کی نظر سے بچا لے اور پیوند زمین کر لے۔ چنانچہ سب بیبیاں معہ خدام کے پیوند زمین ہو گئیں۔ صرف اوڑھنیوں کے پلّو قبروں کے نشان کے لیے باہر رہ گئے راجہ کا بیٹا جس کا

نام بعد مسلمان ہونے کے جمال رکھا گیا تھا سلامت رہا۔ راجہ اس کو ساتھ لے گیا اور چاہا کہ وہ اپنے قدیم دین کی طرف عود کرلے۔ اس نے نہ مانا اور حضرات کی مزار پر مجاور ہو بیٹھا یہ تمام روایت لوگوں کی زبانی ہے اور کتاب تحفۃ الواصلین میں بھی یہی مضمون لکھا دیکھا ہے۔

اس مضمون پر خود صاحب حدیقۃ الاولیاء کا تبصرہ

مفتی غلام سرور صاحب مندرجہ بالا بیان کرکے لکھتے ہیں کہ قیاس نہیں چاہتا کہ واقعہ کربلا کے وقت یہ عرب ہند میں آئی ہوں۔ مگر ان حضرات کی بزرگی و پرفیض ہونے میں شک نہیں کہ مکان نہایت متبرک ہے اور کتاب تذکرہ حمیدیہ میں جو مضمون مؤلف کی نظر سے گذرا۔ اس کا لکھنا لطف سے خالی نہیں۔ اگرچہ کتاب خزینۃ الاصفیا مؤلفہ بندہ میں درج نہیں ہے۔ وہ یہ ہے کہ سید احمد توختہ ترمذی جو لاہور کے بزرگوں میں سے قطب یگانہ اور غوث زمانہ تھے ان کی پانچ لڑکیاں بی بی حاج۔ بی بی تاج۔ بی بی نور۔ بی بی حور۔ بی بی گوہر۔ بی بی شہباز تھیں اور پانچوں عابدہ زاہدہ صاحب عبادت و ریاضت تھیں۔ جب چنگیز خاں مغل سے شہزادہ جلال الدین خوارزم نے شکست کھائی اور ہند میں بھاگ آیا تو چنگیز خاں کی فوج اس کے تعاقب میں پنجاب میں داخل ہوئی۔ تمام ملک پنجاب انہوں نے غارت کر لیا۔ شہر لاہور کے لوگ دو مہینے تک ان کے ساتھ لڑتے رہے۔ جب شہر فتح ہوا تو افسر فوج نے حکم دیا کہ شہر کے لوگ سب کے سب قتل ہوں۔ بلکہ کوئی ذیجان حیوان بھی جانبر نہ ہو۔ چنانچہ ہزاروں انسان و حیوان قتل ہوئے اس وقت یہ پانچوں بیبیاں شہر کے باہر اپنے صومعہ میں جہاں ان کا باپ رہتا تھا۔ موجود تھیں۔ جب مخالفین نے ان کو غارت کرنا چاہا تو انہوں نے دعا کی کہ الٰہی ہم کو پیوند زمین کر دے اور نامحرم مردوں کی صورت نہ دکھلا۔ چنانچہ دعا قبول ہوئی اور زمین نے ان کو اپنے آپ میں چھپا لیا جب مخالفین دیوار توڑ کر مکان میں گھسے۔ تو کوئی ذیجان وہاں نہ پایا۔ البتہ زنانے کپڑوں کے کنارے زمین کے باہر نظر آئے۔ چند آدمی یہ کرامت دیکھ کر مشرف باسلام ہوئے اور انہوں نے مجاوری اس مزار گوہر بار کی اختیار کرلی۔ یہ تقریر جو مشہور

نہیں ہے شاید کوئی اس پر یقین نہ کرے گا۔ عجب نہیں ہے کہ ایسا ہوا ہو اور واقعہ غارت و قتل لاہور کا ۶۱۴ھ میں واقع ہوا تھا اور سید احمد توختہ کی وفات ۶۰۲ھ میں ہوئی تھی۔ حدیقۃ الاولیائے (صفحہ ۱۳۲ و ۱۳۳)۔

تذکرہ حمیدیہ کا پایہ

تذکرہ حمیدیہ جس کا ذکر مفتی غلام سرور صاحب مرحوم نے کیا ہے آج سے سوا چار سو سال پہلے کی تالیف ہے۔ اس کے مؤلف شیخ شہر اللہ بن شیخ رحمتہ اللہ بن تماجی بن کالو لانگاہ ہیں۔ جو ملتان کے مشہور حکمران خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس خاندان کے بہادر بادشاہ سلطان حسین لانگاہ نے جو کئی سال سلطان بہلول لودھی اور سکندر لودھی سے معرکہ آرا رہا۔ مؤلف تذکرہ حمیدیہ سے التجا کی کہ وہ دعا سے اس کی امداد اور دستگیری کریں۔ شیخ شہر اللہؒ کہتے ہیں کہ چونکہ مجھے حضرت سید احمد توختہ ترمذیؒ کے نواسہ سلطان التارکین حضرت حمید الدین حاکم سے تعلق بندگی تھا۔ اس لئے میں ان کے روضۂ متبرکہ واقع مومبارک جو ترنڈہ ریلوے سٹیشن ریاست بہاول پور بڑی لائن سے ۲ میل جانب مغرب ہے (ناحی) پر حاضر ہو کر ذکر و فکر میں مشغول ہو گیا اور سلطان حسین لانگاہ خلد اللہ عمرہ، وملکہ کی مہمات میں کامیابی کی بشارت حاصل کی اور پھر آپ کے حالات میں کتاب (تذکرہ حمیدیہ) تحریر کی۔

ایسی ثقہ کتاب سے مفتی صاحب مرحوم نے جو بیان قلمبند کیا ہے اور جس کی تائید تاریخ سے بھی ہوتی ہے۔ وہ یقیناً سنی سنائی باتوں سے زیادہ قابل اعتبار ہے۔

کیا بی بیاں وقتِ واقعہ کربلا لاہور آئیں

واقعہ کربلا ۶۱ھ سنہ ۶۸۰ء میں واقع ہوا اس وقت تک حضرت ابو بکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ اور حضرت معاویہؓ کے عہد کی فتوحات ایران۔ مکران اور افغانستان تک اسلامی تسلط بیٹھا چکی تھیں۔ مگر ہندوستان میں داخلہ نہیں ہوا تھا۔ واقعہ کربلا کے ۳۱ برس بعد حجاج بن یوسف گورنر بصرہ کے بھتیجے محمد بن قاسم نے سترہ برس کی عمر میں راجہ داہر والی سندھ پر فوج کشی کی۔ کیونکہ اس کے ماتحت قزاقوں نے سندھ کے قریب اسلامی

جہاز لوٹ لئے تھے اور راجہ نے نقصان کی تلافی کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ اس نوجوان اسلامی جرنیل نے ۹۲ھ میں چھ ہزار فوج کے ساتھ راجہ کے پچاس ہزار کے لشکر کو شکست دی اور اس کی سلطنت کے بڑے بڑے شہروں پر جن میں ملتان بھی شامل تھا قبضہ کر لیا اور اس وقت سے مسلمانوں کا عمل دخل لاہور میں ہوا۔ کیونکہ انند پال کے جانشین جے پال ثانی نے تسلیم کردہ خراج دینے سے انکار کر دیا تھا مگر یہ سانحہ کربلا سے قریباً ساڑھے تین سو سال بعد کا واقعہ ہے اس سے پہلے لاہور میں کسی مسلمان بزرگ کا خصوصاً عورت کا آنا ثابت نہیں۔

عورتیں کفرستانِ ہند میں کیوں آئیں

ایسے حالات میں جب لاہور میں کیا پنجاب میں کوئی مسلمان موجود نہ تھا۔ کسی مسلمان عورت کو کیا پڑی تھی کہ وہ اسلامی ممالک سے منہ موڑ کر تنہا لاہور کا رخ کرتی۔ واقعہ کربلا سے پیشتر تمام عرب، شام، مصر، عراق، ایران، فلسطین وغیرہ حلقہ بگوش اسلام ہو چکے تھے۔ مگر کسی بی بی کو شیعان کوفہ کا خوف تھا (کیونکہ انہی کے ہاتھوں کربلا کا سانحہ ہوشربا وقوع پذیر ہوا تھا) اور انہیں اپنے قریبی رشتہ دار یزید کا بھی ڈر تھا حالانکہ آل ابوطالب سے جو مرد بھی کوفیوں کے ہاتھ سے بچ کر دمشق پہنچے۔ وہ اس کے گرویدہ ہو گئے۔ چہ جائیکہ عورتیں جن پر کسی غیور عرب نے کبھی حملہ نہیں کیا۔ تو وہ کفرستان کا رخ کرنے کی بجائے حجاز کا رخ کرتیں جو دمشق کے بعد کوفیوں کے غارت کردہ قافلہ کا مامن بنا۔ بنی امیہ کو تو خدا نے جہانداری اور جہانبانی کا ایسا جوہر عطا کر رکھا تھا کہ شاید و باید وہ کبھی بنی ہاشم سے نہیں الجھے۔ حجاج بڑا سخت گیر تھا۔ مگر اسے خلیفہ عبدالملک کا تاکیدی حکم تھا کہ بنی ہاشم سے برسرِ پرخاش نہ ہونا۔ اس نے ایک ہاشمی عورت سے نکاح کر لیا جب خلیفہ کو اس کی اطلاع ہوئی تو اس نے فوراً جدائی کرا دی۔ کیونکہ بنی امیہ اور بنی ہاشم ایک ہی دادا کی اولاد تھے۔ ان کی ناموس و حرمت مشترک تھی۔ پس یہ بالکل خلاف واقعہ ہے کہ بیبیاں سانحہ کربلا کے وقت بھاگ کر لاہور آئیں اور مکہ مدینہ نہ گئیں۔

لاہور میں چنگیزی مغلوں کی غارتگری

علاؤالدین محمد خوارزم شاہ کے بعد اس کے بہادر بیٹے جلال الدین خوارزم شاہ نے ۱۲۲۳ء میں باپ کی پیٹی اور تلوار زیب تن کی اور چنگیزی ترکوں سے یکسوئی حاصل کرنے کے لئے ہندوستان کا رخ کیا۔ سندھ کے کنارے اس کا کثیر التعداد غنیم سے مقابلہ ہوا۔ صبح سے شام تک وہ بڑی مردانگی سے لڑتا رہا۔ جب اس نے دیکھا کہ وہ اپنی قلیل جماعت کے ساتھ مقابلہ میں پورا نہیں اتر سکتا تو اس نے ایک نہایت بے جگرانہ حملہ کیا۔ اور زرہ وغیرہ پھینک کر دریا میں گھوڑا ڈال دیا۔ ہمراہیوں نے بھی اس کی متابعت کی۔ کئی ڈوبے اور کئی دشمن کے تیروں کی نذر ہو گئے۔ مگر وہ پار اترنے میں کامیاب ہو گیا اور لڑتا بھڑتا بڑھتا ہی چلا گیا۔ یہاں تک کہ عہد سلطان شمس الدین التمش میں لاہور پر قابض ہو گیا۔ مؤلف تاریخ لاہور نے یہ ۱۲۱۸ء کا واقعہ بتایا ہے۔ مگر غلط معلوم ہوتا ہے کیونکہ جلال الدین کی تخت نشینی کا سال ۱۲۲۰ء ہے خیر وہ تین سال کا ہیر پھیر ہے۔ اس کے تعاقب میں چنگیز خاں کا جرنیل ترتائی کئی ہزار سوار لے کر لاہور پہنچا اور اسے تاخت و تاراج کر دیا۔ اس فوج کے چلے جانے کے بعد جلال الدین ایران کی طرف مراجعت فرما ہوا اور اپنے باپ کی عظیم الشان سلطنت کا بہت سا حصہ واپس لینے میں کامیاب ہو گیا مگر ۱۲۳۱ء میں اس کی قسمت پھر زوال پذیر ہو گئی اور اسے کردوں کے ایک گاؤں میں جام شہادت نوش کرنا پڑا۔ اس کے بعد خاندان غلاماں کے بادشاہ مسعود شاہ علاؤالدین کے عہد میں چنگیزی مغلوں نے پھر لاہور پر دسمبر ۱۲۴۱ء میں حملہ کیا کئی ہزار مسلمان شہید ہوئے اور قتل و غارت کا بازار گرم ہو گیا۔ یہی وہ زمانہ ہے جب کہ حضرت سعید احمد تو ختہ ترمذیؒ کی صاحبزادیاں لاہور میں موجود تھیں۔ جب انہوں نے عزت خطرے میں دیکھی تو خدا سے دعا کر کے پیوند زمین ہو گئیں۔

انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت علیؓ کی صاحبزادیوں کے نام

حضرت علیؓ کی صاحبزادیوں کے نام جو شیعوں کی تاریخ الائمہ مشہور بہ چہاردہ مجالس دلپذیر مولف سید وزیر خاں صاحب بہادر سب جج رائے بریلی کے صفحہ ۲۴۲ میں دیئے ہیں حسب ذیل ہیں۔ زینبؓ، ام کلثومؓ، زینبؓ صغیرہؓ، رقیہؓ، ام آمین، نفیسہ، رملہ، خدیجہ صغرا، ام ہانی، ام الکرام، امامہ، ام سلمہ، میمونہ، خدیجہ، فاطمہ ثانی۔

ان صاحبزادیوں کا عقد

کتاب المعارف کے صفحہ ۱۳۰ میں لکھا ہے کہ زینب کبرے بنت سیدہ فاطمہؓ کا عقد عبداللہ بن جعفرؓ سے ہوا تھا ان سے کئی اولادیں ہوئیں جن کا ذکر پہلے ہو چکا ہے کہ ام کلثوم کبرے (بنت سیدہ فاطمہؓ) کا عمر بن خطاب سے ہوا تھا۔ ان سے ایک لڑکا ہوا۔ بعد شہادت عمرؓ ان کا عقد محمد بن جعفر سے ہوا پھر ان کے مرنے کے بعد عون بن جعفر نے نکاح کیا اور ان ہی کے عقد میں مریں۔ باقی لڑکیاں علیؓ کی سوائے ام حسن و فاطمہ کے عباس و عقیل کی اولاد کے عقد میں تھیں۔ ام حسن کا عقد جعدہ بن ہبیرہ مخذومی سے ہوا تھا۔ فاطمہ کا نکاح سعید بن اسود سے ہوا تھا جو حارث بن اسد کے قبیلہ سے تھے۔

حضرت عقیلؓ برادر علیؓ کی لڑکیوں کے نام

حضرت علیؓ کے بھائی حضرت عقیلؓ کی صرف چار بیٹیاں تھیں۔ ان کے نام ابن قتیبہ کی کتاب المعارف مطبوعہ لکھنؤ کے صفحہ ۱۲۴ میں درج ہیں (۱) زینب (۲) فاطمہ (۳) ام ہانی (۴) اسماء زوجہ عمر بن علیؓ بن ابی طالب اور برادر حضرت علی کے صرف تین بیٹے (۱) عبداللہ (۲) عون (۳) محمد تھے۔

یہ بیبیاں نہ حضرت علیؓ کی لڑکیاں تھیں نہ عقیلؓ کی

ناظرین گذشتہ اوراق کے مطالعہ سے آپ پر واضح ہو گیا ہوگا کہ بی بی حاج، بی بی تاج، بی بی حور، بی بی نور، بی بی گوہر بی بی شہباز حضرت علی یا ان کے بھائی عقیل کی صاحبزادیوں کے نام نہ تھے۔ بنظر غائر دیکھنے سے ایک اور حقیقت

آشکارا ہو گئی کہ گوہر اور شہباز فارسی الفاظ ہیں عربی نہیں۔ پس یہ نام عجمی ممالک میں پیدا شدہ اشخاص کے ہو سکتے ہیں نہ کہ عرب کے باشندوں کے۔ مزید برآں ان بی بیوں کے معرکہ کربلا کے وقت بھاگ کر لاہور آنے کا قصہ بھی محض بے حقیقت ثابت ہو چکا ہے۔ کیونکہ پہلی صدی ہجری میں یہ شہر بالکل کفر کا گڑھ تھا۔ کوئی مسلمان یہاں نہیں پہنچا تھا۔ لہذا پردے دار ہاشمی خواتین کا اکیلے غیر اسلامی بستی میں آ بسنے کا قصہ بالکل من گھڑت ہے۔ امام حسین علیہ السلام کو جب معلوم ہوا کہ ان کے تاؤ زاد بھائی مسلم بن عقیل کوفیوں کی غداری کا شکار ہو گئے۔ تو انہوں نے واپسی کا ارادہ کر لیا۔ مگر حرؑ نے جانے نہ دیا۔ اسی طرح میدان کربلا سے بھی شمر کی رکاوٹ کی وجہ سے نہ نکل سکے۔ جب امام جو شجاع مرد اور جان نثار ساتھیوں والے تھے۔ دشمنوں کے پنجہ سے نہ چھوٹ سکے۔ تو بیبیاں کہاں جا سکتی تھیں اور یہ بات یوں بھی بہادر اور عربی عورتوں کی شان کے منافی تھی کہ اپنے عزیزوں کو گرفتار مصیبت چھوڑ کر خود کفرستان کی طرف بھاگ جاتیں حضرت علیؓ کے باطنی ایما کا قصہ بھی محض ایجاد بے بنیاد ہے۔ سیدہ زینب وغیرہا بی بیاں میدان کربلا میں موجود تھیں۔ مگر انہوں نے آخر تک اپنے بھائیوں کا ساتھ دیا اور بڑی دلیری سے کربلا و کوفہ و دمشق میں گفتگو کرتی رہیں اور کسی نے انہیں اُف تک بھی نہ کہی۔ ہاں شہر بانو کے متعلق ضرور شیعی روائتیں ہیں کہ وہ گھوڑے پر چڑھ کر بھاگ گئی تھیں۔ تاکہ تکلیف سے محفوظ رہیں، مگر جن بیبیوں کا بھاگ کر لاہور آنا بیان کرتے ہیں۔ وہ ہاشمیہ تھیں۔ ایرانی نہ تھیں کہ بھائی بندوں کو گرفتار بلا دیکھ کر اپنی جان بچانے کی خاطر فرار اختیار کر جاتیں۔ یہ تمام جھوٹے قصے ہیں۔ ان میں سچائی مطلق نہیں۔ پھر یہ روایت کہ وہ پہلے شام (صوبہ دارالسلطنت یزید) میں تھیں۔ امام حسینؓ کی آمد سن کر کربلا میں آئیں۔ مگر ان کے آنے سے پہلے خاتمہ ہو چکا تھا اس واسطے بہ خوفِ خاندان بنی امیہ بھاگ کر لاہور آئیں۔ کس قدر مضحکہ خیز ہے کہ واقعۂ کربلا سے پہلے تو شام کی اقامت میں کوئی خوف نہ تھا، مگر اس کے بعد اس قدر خائف ہوئیں کہ تمام اسلامی دنیا چھوڑ کر کفرستان کو ہجرت کر گئیں۔ کیونکہ بنی امیہ کو نہ کبھی ہاشمی عورتوں سے پرخاش

تھی نہ ہوئی۔ مزید برآں حضرت عقیل کی بنی امیہ سے موافقت تھی۔ کتاب المعارف میں لکھا ہے کہ انہوں نے اپنے بھائی علی کو چھوڑ کر معاویہ کی جنبہ داری اور شرکت کی تھی۔ پس یزید سے ان کی بیٹیوں کو کیا خوف تھا۔

حضرت سید احمد توختہ ترمذ سے لاہور میں

تذکرہ حمیدیہ میں لکھا ہے کہ حضرت پیران پیر سید شیخ عبد القادر جیلانیؒ کے دادا پیر حضرت ابراہیم ابوالحسن علی ہنکاری (ہنکار سے جس کا لفظ قاضی احمد الشہیر بہ ابن خلقان ہنکار لکھتے اور بتاتے ہیں) وہ ایک موضع ہے بلاد موصل مشرق کی طرف کی اولاد سے شیخ ابوالعلی ایستان سے خطہ کیچ مکران میں آئے اور اہل کیچ نے جو موجودہ فرمانروا کے جور وستم سے تنگ آئے ہوئے تھے آپ کو اپنا سلطان منتخب کر لیا۔ ان کے بعد ان کے بیٹے سلطان رشید الدین فرمانروا ہوئے اور یہی وہ سلطان ہیں جن کا نام نامی پانچ بزرگ سلاطین کے زمرہ میں شمار ہوتا ہے۔ ان کے بیٹے سلطان قطب الدین کے عہد میں حضرت سید السادات جو امام علی اصغر زین العابدین کی اولاد سے تھے۔ اپنے وطن ترمذ سے جو ایران میں واقع ہے کیچ میں بمعہ اہل وعیال تشریف لائے اور سلطان موصوف کے بیٹے شہزادہ بہاؤالدین کی شرافت و نجابت کے گرویدہ ہو کر اپنی صاحبزادی بی بی حاج کا نکاح ان سے کر دیا۔ ان سے تین بیٹے پیدا ہوئے۔ ایک شہزادہ جمال الدین (۲) شہزادہ ضیاء الدین (۳) شہزادہ حمید الدین مؤخر الذکر شہزادہ کا سالِ ولادت لفظ شرع سے برآمد ہوتا ہے۔ یعنی ۵۷۰ھ تاریخ پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت بغداد میں خلفائے عباسیہ میں سے مشہور عادل خلیفہ المستضی بامر اللہ فرمانروا تھا۔ جس کا نام سلطان صلاح الدین ایوبی نے مصر میں داخلِ خطبہ کیا تھا۔ لاہور میں اس وقت خاندان غزنویہ کے اکیسویں اور آخری سلطان خسرو الملک تاج الدولہ کی حکومت تھی۔ جو بعد ازاں ۵۸۲ھ ۱۱۸۶ء میں غوریوں نے ضبط کر لی۔ فاتح کا نام سلطان شہاب الدین المشہور محمد غوری ہے۔ جس نے پہلے سندھ اور ملتان ۵۷۱ھ میں فتح کیا۔ پھر ۵۸۳ھ میں غزنویوں

کو شکست دی اور اس کے ۲ سال بعد ۱۱۹۲ء میں بمقام تھانیسر راجپوتوں کو سخت شکست دی۔ اس لڑائی میں نہ صرف مہاراجہ پرتھوی راج مارا گیا۔ بلکہ ایک سو پچاس راجے جو اس کے ممد و معاون بن کر آئے تھے، اکثر کام آئے، قنوج ۱۱۹۳ء میں فتح ہوا۔ اور پھر گوالیار، بندھیا کھنڈ اور بنگال یہ پہلا موقع تھا کہ ہندوستان اسلامی حکومت کا مرکز قرار پایا۔

یہی وہ زمانہ تھا جب کہ حضرت سید احمد توختہ ترمذی رونق افروز لاہور ہوئے جب سید صاحب موصوف لاہور میں مقیم تھے۔ توران کے داماد سلطان بہاؤالدین کیچ میں دس سال حکومت کے بعد سلطنت کا نظام اپنے بھائی سلطان شہاب الدین ابوالبقاء کے سپرد کر کے شہزادگان جمال الدین و ضیاء الدین کو ساتھ لے کر مکہ شریف کی طرف متوجہ ہوئے اور واپسی پر یمن صالح میں انتقال فرما گئے۔ اس کے بعد سلطان شہاب الدین نے دو سال کی حکومت کے بعد تخت و تاج شہزادہ حمید الدین کے سپرد کر دیا۔ آپ نے چند سال بڑے عدل و انصاف سے حکومت کی اور پھر اس قسم کا واقعہ پیش آنے پر جو سلطان ابراہیم ادہم کی ترک شاہی کا موجب بنا تھا۔ بادشاہی چھوڑ دی اور اپنے چچا زاد بھائی امیر تلنبہ کو فرمان دہی بخش کر فقیرانہ لباس زیب تن کر کے اپنے نانا سید احمد توختہ ترمذی کی خدمت میں لاہور حاضر ہوئے اور مجاہدہ و ریاضت سے صفائے باطن حاصل کی، سید صاحب موصوف سلطان التارکین حضرت حمید الدین حاکم ہی کی موجودگی میں داصل حق ہوئے اور آپ ہی نے محلہ چلہ بی بیاں بھی جو ان کی صاحبزادیوں کی چلہ کشی کی وجہ سے اس نام سے موسوم ہے دفنایا اور خود حسب وصیت نانا صاحب مرحوم حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی کی خدمت میں بغداد تشریف لے گئے۔

سیدہ حاج کی اولاد مومبارک اور اس کے مضافات میں

سیدہ حاج علیہا الرحمۃ کے فرزند ارجمند سلطان التارکین حضرت حمید الدین حاکم

المتوفی ۶۳۷ھ کو شیخ شہاب الدین سہروردی نے بغداد سے اپنا خاص مصلّٰی بطور متبرک عطا کر کے رخصت کیا اور فرمایا کہ آپ کا باقی نصیب شیخ رکن الدین نبیرۂ شیخ بہاؤ الدین سہروردی ملتانی کے پاس ہے جو تا حال پیدا نہیں ہوئے۔ آپ بغداد سے ملتان کی طرف روانہ ہوئے راہ میں مومبارک میں (جس کی زیارت میں جنوری ۱۹۱۲ء میں کر چکا ہوں) اور جو حسب بیان بہاولپور گزیٹر، برائے سی باسی دوم کے چھ قلعوں میں سے ایک قلعہ ہے، نزول جلال فرمایا۔ تاریخ مراد میں مسطور ہے کہ یہ رائے ہنس کرر ڈ کی تعمیر ہے جس نے یہ اپنی ماں کے لئے بنوایا تھا۔ لہذا بنام مومشہور ہوا۔ نیسراقول یہ ہے کہ حضرت عیسیٰؑ کے زمانہ میں اس کی بنیاد رکھی گئی تھی اور راناکلس اس پر قابض تھا۔ ازاں بعد سلطان محمود غزنوی نے رائے بھوج کی حکومت میں اسے فتح کیا۔ اس کی فصیل چھ سو گز کے دائرہ میں ہے اس کے برجوں میں سے اب فقط ایک پچاس فٹ بلند موجود ہے، دیواریں نہایت سنگین اور مضبوط ہیں، اب اس میں تین سو گھروں کا گاؤں آباد ہے اور سلطان حاکم اور ان کی اولاد کے مزار بھی ایک وسیع چار دیواری میں اسی قلعہ میں بلندی پر واقع ہیں۔ قلعہ سے نیچے کی آبادی بہادروں کی ہے جو اس جوگی کی اولاد ہیں جس کو سلطان حاکمؒ نے بزور کرامت مسلمان کیا اور نام زین الدین رکھا تھا۔ راجہ رائے بھوج ولد رائے مکھ سنگھ اور اس کے بھائی ہند ورائے اور بلو رائے بمعہ فرزندان اس شمیر دالبشر بھی آپ ہی کے ہاتھ پر مشرف باسلام ہوئے۔

حضرت حاکمؒ کو شیخ بہاؤالدین ذکریا ملتانیؒ نے اپنے مرید قاضی کبیر ساکن موضع والر کے ذریعے ملتان بلایا اور یہ معلوم کر کے بہت خوش ہوئے کہ آپ حضرت ابو الحسن ہنکاری کی نسل سے اور سید احمد ترمذی کے نواسے ہیں اور محض خوشنودی محبوب رب العالمین کے لئے حکومت چھوڑ کر فقر اختیار کر بیٹھے ہیں۔ پس آپ نے بڑی خوشی سے اپنی صاحبزادی فاطمہ کا نکاح آپ سے کر دیا۔ اس رابعہ زمانہ سے آپ کے ہاں حضرت نورالدین پیدا ہوئے جو ایسے باخدا مرد تھے کہ جہالیت کی ایک نظر اوتار بنا دیتی تھی، آپ کا مزار مومبارک میں ہے،

اس کے پاس ہی دائیں طرف رکن حاتم برادر خوئی شیخ حاکم کے نانا قاضی رفیع الدین کے سوتیلے بھائی شیخ تاج الدین جن کی اولاد سومبارک اور اس کے مضافات اور پنڈی شیخ سے ضلع لائلپور میں لاکھوں کنال زمین کی مالک ہے۔ آپ کا مزار ملتان میں شیخ رکن الدین ملتانی کی والدہ ماجدہ کے روضہ کے پاس ہے۔

سیدہ حاج کے پوتے کی اولاد لاہور اور اس کے جوار میں

حضرت نورالدین کے پوتے عبدالعزیز بن شہاب الدین کے پوتے حضرت عبدالجلیل شاہ بندگی قطب العالم بن شیخ ابوالفتح بن عبدالعزیز نویں صدی ہجری میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے باطنی اشارہ سے سومبارک سے لاہور وارد ہوئے اور خطہ کوٹ کروڑ کو جہاں اب آپ کی خانقاہ میکلوڈ روڈ پر واقع ہے شرف ورود بخشا اور ہزارہا گمراہوں کو اسلام کی راہ ہدایت پر لائے۔ میں نے آپ کے حالات تذکرہ قطبیہ ۱۹۱۳ء اور تبرک عرس اسی سال ۱۹۲۵ء میں چھپوا کر مفت تقسیم کیا ہے۔ سلطان حاکم کے حالات میں تذکرۂ حمیدیہ ۱۹۱۵ء میں شائع ہوا تھا اور سید احمد توختہ کے حالات بابرکات ۱۹۱۴ء میں طبع ہوئے تھے۔

اولادِ حضرت سید احمد توختہ ترمذی کا فرض

سید احمد صاحب موصوف کی نرینہ اولاد سے اس وقت لاہور میں سید منور علی شاہ صاحب سید صاحب، سید اظہر حسن صاحب زاہد بی اے بمعہ متعلقین آباد ہیں اور بتاتے ہیں کہ غازی پور، مادھوپور، داعی پور، سہارن پور، بجنور، شاہجہان پور، ملک مالوہ جونپور، سرائے جرّو، دہلی پور سانڈھی سے، پانی پت، چٹاگام۔ ملک بنگال بخیر آباد ضلع سیتاپور، سیانا، علی پور، چودہ متصل کالپی، صوبہ متحدہ، بھوپال اور سید گڑھی وغیرہ الغرض باؤن مواضع ہیں ان کے اہل بیرا در ہی بستے ہیں۔ سید صاحب موصوف کی دختری اولاد کو تو لاہور اور جوارِ لاہور میں کافی اثر و رسوخ

حاصل ہے، ان سب کو بی بیانِ پاکدامن کے مزارات سے دل بستگی اور عقیدت رکھنی چاہیئے کیونکہ سب سے زیادہ انہی کو اہم خاندانی تعلق ہے۔ مجاوری ان کا پیشہ نہیں، خیال یہ رکھنا چاہیئے کہ جس طرح اس درگاہ کے گرد و پیش کا قبرستان منہدم ہو کر اور بک کر اغیار کے قبضہ میں جا رہا ہے۔ یہ بھی خدانخواستہ نہ چلا جائے۔ اس پر اہل سنّت کا قبضہ بحال رہنا چاہیئے۔ ماتم شعار لوگوں کا اس پاک درگاہ سے نہ کوئی تعلق تھا اور نہ ہی ہونا چاہیئے۔

سلسلہ شتاریہ منقول از تذکرہ حمیدیہ قلمی

حضرت سلطان التارکین غوث العالمین، ختم المجتہدین، شیخ المقربین، حمید الملّت والشرع والدین حاکم ابو الغیث القریشی الہاشمی الہنکاری آل رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اوّل تبرک خرقہ شتاریہ اپنے نانا سید السادات سید احمد توختہ سے حاصل کیا۔ انہوں نے برہان المساکین قطب العارفین شیخ احمد نور بخش سے، انہوں نے اپنے پیر شیخ السالکین نجم الدین سفرادی سے، انہوں نے اپنے پیر شیخ شرف الدین جرجانی سے، انہوں نے تقی الدین احمد صنعا سے، انہوں نے مقری الصباغ الجرجانی رحمۃ اللہ علیہ سے، انہوں نے کمال الدین حسن طیبیؒ سے، انہوں نے بدر الدین سید علی طیبی سے، انہوں نے شیخ نور الدین طیبی سے، انہوں نے سلطان العارفین ابو یزید بسطامیؒ سے اور وہ خلافت رکھتے تھے حضرت امام جعفر صادقؑ سے اور وہ اپنے والد امام باقرؑ سے اور وہ اپنے والد حضرت امام زین العابدینؑ سے اور وہ اپنے والد امام حسینؑ شہید کربلا سے اور حضرت خاتم النبیین احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے۔

تاریخ وفات حضرت سید احمد توختہ ترمذی والد بی بیاں پاک دامن مرشد پنجاب سنہ ۶۰۲ھ

شد بہ بزم احمدی چوں زیں سرا	سید احمد شہ برناد پیر
پیر ہادی میر عالی جاہ گو	رحلتش سید ولی میر کبیر

ماہتابِ دینِ احمد کن رقم	آفتابِ حسن اے روشن ضمیر
ماہ روشن یا دلی روشن است	بادشاہِ نامدار اے دستگیر
ہم زہے شمع بقیس شد جلوہ گر	از خرد تاریخ آں مہرِ منیر
سیدِ احمد حبیب جنت است	ہادیٔ بے مثل سائش بے نظیر

۶۰۲ھ ماخوذ از گنج تاریخ صفحہ (۱۲) (غلام دستگیر نامی محلہ چلہ بی بیاں لاہور)

رسالۂ "بیبیاں پاک دامناں" کے صفحہ ۱۴ پر پروفیسر ڈاکٹر مسعود خاکی صاحب یوں تحریر فرماتے ہیں۔

بعض مؤرخین اور تذکرہ نویسوں نے یہ نتیجہ نکالا کہ یہ مخدراتِ عصمت حضرت علیؓ اور حضرت عقیل کی بیٹیاں نہیں ہیں، سیرت و تاریخ کی قدیم کتابوں میں بھی ان کے عرب سے ہجرت کر کے ہندوستان میں آنے کا کوئی واقعہ نہیں ملتا۔

انسائیکلوپیڈیا آف اسلام

جلد نمبر ۵ ص۔ ۳۶۱

(مطبوعہ دانش گاہِ پنجاب لاہور)

پاک دامن بی بیاں (بی بی پاکدامناں) لاہور کے مزارات و مقابر میں سے قبرستانِ بی بی پاکدامناں بھی زمانۂ دراز سے مشہور و متبرک چلا آتا ہے لیکن تاریخی طور پر یہ ثابت نہیں ہوتا کہ اس قبرستان کا آغاز کب ہوا۔ صاحب حدیقۃ الاولیاء نے بحوالۂ تذکرۂ حمیدیہ لکھا ہے کہ چھٹی صدی ہجری میں کرمان سے ایک عابد و زاہد بزرگ سید احمد توختہ (م ۶۰۲ھ) لاہور میں آکر قیام پذیر ہوئے۔ ان کی چھ بیٹیاں تھیں: بی بی حاج، بی بی تاج، بی بی نور، بی بی حور، بی بی گوہر اور بی بی شہباز، یہ سب بڑی عابدہ زاہدہ تھیں، اپنے والد کی وفات کے بعد جن کا مزار محلہ چلہ بیبیاں لاہور میں موجود ہے، یہ صاحبزادیاں فصیل سے گھرسے ہوئے لاہور کو چھوڑ کر اس علاقے میں قیام پذیر ہو گئیں جہاں اب یہ قبرستان واقع ہے، ان کا سال وفات ۶۱۵ھ کے بعد ہوگا کیونکہ جب چنگیز خاں

۶۱۴ھ میں جلال الدین خوارزم کا تعاقب کر رہا تھا تو اس وقت ان بی بیوں کی لاہور میں موجودگی کا ثبوت ملتا ہے (کنہیا لال : تاریخ لاہور، ص ۳۰۸) یہ سب بیبیاں اس جگہ مدفون ہیں اور ان کے مزار دو احاطوں میں ہیں، پہلے احاطے میں بی بی حاج، بی بی تاج اور بی بی نور کی قبریں ہیں اور دوسرے احاطے میں بی بی حور، بی بی گوہر اور بی بی شہباز کی۔ یہ سب قبریں پختہ چونا گچ سے بنی ہوئی ہیں۔ پہلے احاطہ میں ایک مقبرہ پختہ گنبد دار بنا ہوا ہے۔ جس کا سن تعمیر ۱۰۱۶ھ ہے اور جو میراں محمد شاہ موج دریا بخاری (م ۱۰۱۳ھ) کے بھائی سید جلال الدین حیدر بخاری کا ہے۔ عبداللہ دریا محمد جمال، المعروف بہ بابا خاکی کی اولاد ان خواتین کے مزاروں کی مجاور رہی ہے۔ ان مزاروں کے ساتھ سلاطین وقت نے کچھ اراضی وقف کر دی تھی۔

درگاہ حضرت بی بی پاکدامناںؒ چند حقائق اور چند یادداشتیں

از حافظ نذر احمد صاحب پرنسپل شبلی کالج لاہور، چیئرمین مذہبیہ کمیٹی دربار بی بی پاکدامناں (محکمہ اوقاف حکومت پنجاب لاہور)

عزیز مکرم مولانا احمد حسن صاحب نوری نائب مدیر عرفات لاہور کے استفسارات کے جواب میں چند حقائق اور چند یادداشتیں قلم بند کر رہا ہوں، ہو سکتا ہے بعد میں آنیوالے مؤرخین کے لئے سود مند ثابت ہوں ـــــــ نذر

اسمائے گرامی درگاہ حضرت بی بی پاک دامناںؒ کے نام کی ترکیب بادی النظر میں کچھ عجیب سی ضرور محسوس ہوتی ہے لیکن اس کی وجہ خود اس درگاہ کا دیگر مزارات سے مختلف النوع ہونا ہے، یہ درگاہ قابل احترام چند مخدرات کی ہے۔ اس لحاظ سے اس نواح میں واحد درگاہ ہے جہاں مخدرات مدفون ہیں اور کثیر تعداد میں مدفون ہیں اس لئے اس درگاہ کو "بی بی پاکدامناں" یا "بیبیاں پاکدامن" کے

نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔

اس درگاہ میں مدفون مخدرات کے اسمائے گرامی پردوسرے فاضل مؤرخین تفصیل سے بحث کر چکے ہیں اور مجھ سے استفسار بھی نہیں کیا گیا ہے اس لئے اس موضوع کو چھوڑ رہا ہوں۔

مزار محکمہ اوقاف کی تحویل میں

یہ مزار ۱۹۶۷ء میں محکمہ اوقاف نے اپنی تحویل میں لے لیا اس زمانہ میں مغربی پاکستان کے چیف ایڈمنسٹریٹر محکمہ اوقاف مسٹر محمد مسعود سی۔ ایس۔ پی تھے جو کھدر پوش بھگت کے نام سے مشہور ہیں، مزار کو سرکاری تحویل میں لئے جانے کا اعلان دی گزٹ ویسٹ پاکستان کی غیر معمولی اشاعت مجریہ ۱۲ دسمبر ۱۹۶۷ء کو بروز منگل کیا گیا، مزار کے علاوہ ملحقہ قبرستان مسجد اور ارد گرد کے متعدد مکانات اور دکانوں کو بھی سرکاری تحویل میں لئے جانے کا اعلان سرکاری گزٹ میں کر دیا گیا۔

قبرستان اور مسجد حنفیہ

اس سے دو سال تین ماہ بعد انہیں چیف ایڈمنسٹریٹر محکمہ اوقاف کے دستخطوں سے ۱۵ دسمبر ۱۹۶۹ء نوٹیفکیشن نمبر ۶۳/ AUQAF (۱۷) جاری ہوا۔ اس کی مدد سے مزار کے ملحقہ تمام قبرستان، مکان اور دوکانوں اور ایک مسجد کو واگذار کر دیا گیا۔ اس مسجد سے مراد مسجد عرفانیہ ہے جو مزار کے عقب میں گلی نمبر ۱۸ محمد نگر میں واقع ہے اور اب جامعہ نعیمیہ کے زیر انتظام ہے۔

اس وقت صرف مزارات بی بی پاکدامناں جو ایک وسیع چار دیواری میں محدود ہے محکمہ اوقاف کی تحویل میں ہیں اور اس درگاہ کی گلی کے نکڑ والی مسجد محکمہ اوقاف کی نگرانی میں ہے جو مسجد حنفیہ کے نام سے موسوم ہے اس مختصر سی خوبصورت مسجد کی توسیع اور جدید تعمیر کا انتظام بندہ کو توفیق الٰہی سے عطا ہوا مسجد حنفیہ کے پیش امام اور مؤذن محکمہ اوقاف کی طرف سے مقرر ہیں اور سر دست بندہ اس کا منتظم ہے۔

سُنّی مزار یا شیعہ، نائب مدیر عرفات نے استفسار فرمایا ہے کہ مزار سنی ہے یا شیعہ

یا اللہ　　　لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ　　　یا محمد

مقبرہ

مظہر محبت تامہ قاسم فیض عام محبوب الٰہی

حضرت سید جلال الدین شاہ حیدر بخاریؒ

برادر حقیقی

حضرت سید موج دریا صاحب بخاریؒ

تاریخ وصال ۱۱ محرم ۱۰۱۶ھ

مزار اقدس سید جلال الدین حیدر بخاریؒ
برادر سید موج دریا بخاریؒ

اس کے جواب میں بندہ ان حقائق کی طرف ان کی توجہ مبذول کرا دینا کافی سمجھتا ہے۔

(۱) درگاہ حضرت بی بی پاکدامناںؒ کے مجاور شروع سے آخر تک سنّی رہے ہیں، شیعہ مزار کی تولیت سنی مجاورین کے پاس نہیں ہو سکتی۔

(۲) محکمہ اوقاف نے مزار کا قبضہ سنی مجاورین سے بطور سنی مزار کے لیا ہے اور از روئے قانون اس حیثیت کو تبدیل نہیں جا سکتا۔

(۳) درگاہ کی زمین یعنی جس چار دیواری میں مزارات واقع ہیں اس کی اراضی کا اندراج سرکاری کاغذات میں سنی مجاورین کے نام پر ہی ہے۔ اس سے اس کی حقیقت واضح ہے

(۴) درگاہ بیبیاں پاکدامنؒ کے ارد گرد کے تمام وسیع قبرستان بھی اہل سنت والجماعت کے ہیں، اہل تشیع کا قبرستان یہاں سے بہت دور میکلوڈ روڈ پر واقع ہے اور مومن پورہ کے نام سے موسوم ہے

(۵) مزار سے ملحقہ مسجد جیسا کہ ہم اوپر بیان کر چکے ہیں مسجد حنفیہ کے نام سے معروف ہے

(۶) مزار حضرت بیبیاں پاک دامنؒ کا سالانہ عرس از اوّل تا آخر سنی مراسم کے مطابق ہوتا ہے، ختم غوثیہ پڑھا جاتا ہے، عرس پر کوئی شیعہ رسم ادا نہیں ہوتی۔

(۷) محکمہ اوقاف نے جو اسور ندر ہیبہ کی کمیٹی سرکاری طور پر مقرر کی ہے اس کا چیئرمین سنی ہے، اس کمیٹی کے اراکین بھی ایک کے سوا سب سُنّی ہیں یہ ایک شیعہ رکن بعد میں شامل کیا گیا ہے لیکن اب وہ بھی بطور (CO-OPTED) اضافی ممبر کے ہیں ملاحظہ ہو آفس آرڈر ناظم اوقاف سنٹرل زون نمبر AC 2-4/1-4/SCA ۱۷ مورخہ ۱۶ مئی ۱۹۷۲ء۔

خلفائے راشدین کے اسمائے گرامی

ان حقائق کے باوجود کچھ مقامی شیعہ حضرات نے بعض ایسی باتیں کیں جن سے شیعہ سنی کا سوال کھڑا ہو گیا اور کشیدگی پیدا ہو گئی۔

مسجد بابا خاکی (مجاور اول)
(بی بیاں پاکدامناںؒ لاہور ۔)

ایک عقیدتمند نے مزار پر گنبد تعمیر کرایا اور اس میں محکمہ کی اجازت کے بغیر یک طرفہ طور پر دوازدہ آئمہ کے اسمائے شیشہ سے کندہ کرا دیئے، دوسرے عقیدت مند نے مزار کے ستونوں پر خلفائے راشدینؓ کے اسمائے کندہ کرا دیئے لیکن شیعہ حضرات نے اس بات پر احتجاج شروع کر دیا۔ یہاں تک کہ سرکاری طور پر اگست ۱۹۷۱ء میں خلفائے راشدینؓ کے اسمائے مبارکہ اتار دیئے گئے۔

اہل سنت والجماعت کے لئے یہ صورت حال ناقابل برداشت ہو گئی اس لئے کہ سنی مزار سے خلفائے راشدینؓ کے اسمائے مبارکہ کا محو کیا جانا نہ عقلاً درست تھا نہ قانوناً روا تھا، انہوں اس مسئلہ پر شدید احتجاج کیا۔ جلسے کئے، جلوس نکالے۔ بطور احتجاج مسلسل بازار بند رہے لیکن یہ سب کچھ پُر امن طور پر ہوا۔ آخر ان کا یہ جائز مطالبہ تسلیم کر لیا گیا اور محکمہ اوقاف حکومتِ پنجاب نے شیعہ سنی عمائدین کے باہمی اتفاق سے خلفائے مبارکہ متصلہ مزار حضرت جلال الدین بخاریؒ کے باہر سنگ مرمر سے کندہ کرنے کی اجازت دے دی اور تسبیح خانہ ملحقہ مزار پر یہ مشہور شعر بھی کندہ کرانے کی اجازت دے دی۔

چراغ و مسجد و محراب و منبر ابوبکرؓ و عمرؓ، عثمانؓ و حیدرؓ

ملاحظہ ہو فیصلہ نمبر AUQAF/63 (۱۱۷۱) مورخہ ۱۶ مارچ ۱۹۷۲ء۔

محکمہ اوقاف کا آخری فیصلہ

خلفائے راشدین کے اسمائے گرامی اور مذکورہ بالا شعر نمایاں طور پر سنگ مرمر پر کندہ ہو کر لگ گئے۔

اس کے بعد پھر بعض شیعہ حلقوں سے کچھ سوال اٹھائے گئے چنانچہ ۲۴ مارچ ۱۹۷۲ء کو دوبارہ سنی شیعہ نمائندگان کی میٹنگ زیر صدارت ناظم اعلیٰ محکمہ اوقاف حکومت پنجاب سول سیکرٹری ایٹ میں منعقد ہوئی اس میں نہایت اہم فیصلے ہوئے، مندرجہ فیصلہ نمبر ۲ یہاں خاص طور پر قابل ذکر ہے۔

" مزار حضرت بیبیاں پاک دامن کو محکمہ اوقاف نے بطور ایک سنّی وقف کے اپنی تحویل میں

روضہ مبارک حضرت مسلم بن عقیل رضؓ

خاوندِ سیدہ رقیہ کبریٰ بنتِ حضرت علیؑ

لیا تھا اور آئندہ بھی اسے ایسا ہی تصور کیا جائے گا۔ البتہ سنی حضرات اس امر پر معترض نہ ہونگے کہ شیعہ حضرات ایسی غیر اختلافی رسوم مزار کے بیرونی احاطہ میں مقررہ وقت پر اس طرح ادا کریں جس سے کسی کی دل آزاری نہ ہو۔

ملاحظہ ہو چیف ایڈ منسٹریٹر اوقاف نمبر 63 AQAE/67 (6) مورخہ یکم اپریل ۱۹۶۷ء

میں سمجھتا ہوں کہ اس کے بعد کسی ابہام، شک وشبہ یا اختلاف کی گنجائش نہیں رہتی ہے میرے لئے کشمکش کے یہ ایام بڑے ہی صبر آزما اور آزمائش کے تھے، الحمدللہ میرا علاقہ اور لاہور شہر بدامنی اور فساد سے محفوظ رہا اور تمام مسائل پُر امن طور پر حل ہو گئے، علماء کرام نے عمائدین شہر نے، علاقہ کے اراکین نے، عوام وخواص نے کامل تعاون اور رواداری کا ثبوت دیا

حقیقی جائزہ

دیکھا آپ نے ہم نے اب تک مستند اور مشہور کتب تواریخ وسوانح کے جو اقتباسات پیش کئے انہیں دیکھنے کے بعد آپ پر یہ باتیں روشن ہو گئی ہوں گی جنہیں کتاب تحقیقات چشتی کے مصنف مولوی نور احمد چشتی اور کتاب تاریخ بیبیاں پاکدامناں کے مؤلف مولوی محمد بخش قریشی نے اپنی کتابوں میں افسانوی رنگ دے کر تاریخ کو مکدر کر دیا تھا، کہ حضرت علیؑ کی صاحبزادی سیدہ رقیہ کبریٰؓ زوجہ جناب مسلم بن عقیلؓ اور حضرت عقیلؓ کی صاحبزادیاں میدانِ کربلا سے ہجرت کر کے ۶۱ھ میں لاہور پہنچی تھیں۔ مولوی محمد قریشی نے تو پیٹ بھر کر جھوٹ بولا۔ کہ حضرت عقیلؓ کی پانچ صاحبزادیاں ام ہانی، اسماء، ام لقمان، رملہ اور زینب درمعیت رقیہ کبریٰؓ بنت علی علیہ السلام معہ حفاظ وہمراہیاں رازداری کی خاطر اور یزیدی ٹولہ کے خوف اور جاسوسوں سے بچنے کی خاطر حاج، تاج، نور، حور، گوہر اور شہباز نام اختیار کر کے لاہور وارد ہوئیں (تاریخ بی بیاں پاکدامناں صہ ۲۴۲)

استغفراللہ، مفاد پرست اپنی مطلب براری کی خاطر کیسے کیسے ڈھونگ اور

ڈرامے رچاتے رہتے ہیں جن کے نہ پیر ہوتے ہیں نہ سر۔

کتاب تحقیقاتِ چشتی کے بارے میں نقوش لاہور نمبر کے صفحہ ۹۸۱ پر یوں لکھا ہے۔

"تاریخی نقطہ نظر سے یہ کتاب عیوب سے پاک نہیں۔ بعض سنین غلط ہیں، کہیں واقعات اصل حقائق سے ہٹ گئے ہیں، بعض سنی سنائی باتیں جو مؤرخ کے نزدیک پایۂ اعتبار سے ساقط ہیں درج کردی گئی ہیں۔

بہرحال ہماری تحقیق و جستجو کے بعد درج ذیل حقائق منظر عام پر آئے ہیں ملاحظہ فرمایئے

(۱) مکہ اور مدینہ سے جو نفوس اہل بیتؑ حضرت امام حسینؓ کے ہمراہ کربلا گئے تھے ان میں سے کسی ایک فرد نے بھی آخر دم تک آپ کا ساتھ نہیں چھوڑا اور یہ کہنا سراسر بہتان اور تاریخی حقائق کو مسخ کرنا ہے کہ یہ قافلۂ اہل بیت بحکم حضرت امام حسینؓ یہاں آیا ہے ۶۱ھ میں تو یہ کفرگڑھ تھا۔ تاریخ کی کسی کتاب میں بھی اس واقع کے بارے ایک حرف تک نہیں لکھا دیکھا، اہل اسلام کے یہاں آنے کا اس وقت سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

(۲) حضرت علی المرتضیٰؓ کی اٹھارہ صاحبزادیوں میں دو رقیہ نامی بھی تھیں ایک سیدہ رقیہ کبریٰ زوجہ جناب مسلم بن عقیلؓ تھیں۔ جن کا مزار اقدس دمشق (شام) میں ہے اور دوسری سیدہ رقیہ صغریٰ زوجہ جناب عبدالرحمٰن بن عقیل تھیں جن کی زیارت گاہ مصر میں موجود ہے۔

(۳) پاکستان کے شہر لاہور میں خانقاہ بی بیاں پاکدامناں ؒ کو حضرت علیؓ اور حضرت عقیلؓ کی صاحبزادیوں سے منسوب کرنا سراسر غلط اور گمراہ کن ہے۔ تاریخی اعتبار سے یہ مزارات بی بی حاج، بی بی تاج، بی بی نور، بی بی حور، بی بی گوہر اور بی بی شہباز کے ہیں، جو مرشد پنجاب حضرت سید احمد توختہ ترمذیؒ کی

صاحبزادیاں تھیں، یہ خانقاہ بحیثیت ایک "سنی مزار" حکومتِ پاکستان (محکمہ اوقاف) نے اپنی تحویل میں لیا تھا۔ اس کے تمام گدی نشین بھی اہل سنت والجماعت ہیں، یہاں کے عرس وغیرہ بھی سنی عقیدہ کے مطابق ہوتے ہیں، محکمہ اوقاف کو چاہیئے کہ مزار مذکورہ میں جو غلط اور بے بنیاد سوانح اور نام ان بیبیوں سے منسوب کر کے لکھے ہوئے ہیں، انہیں حذف کر کے اس کتاب کی روشنی میں صحیح طور پر لکھوا کر نصب کئے جائیں تاکہ تاریخ اور شنید میں جو خلا پیدا ہو گیا ہے۔ اسے پُر کیا جا سکے تاکہ آنے والی نسلیں اس تضاد پر انگشت بدنداں نہ ہوں اور نہ عقیدت مندوں میں اختلاف باقی رہے۔ وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ ؕ

وَآخِرُ دَعوانا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْن ؕ

احقر

حفیظ اللہ خان منظر

درگاہ حضرت بی بی حاجؒ

دختر

حضرت سید احمد توختہ ترمذیؒ

المشہور بی بی پاکدامن لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت بی بی پاکدامناں صاحبہ لاہور

سیدہ رقیہ کبریٰ سلام اللہ علیہا

بنتِ حضرت علی المرتضیٰؑ زوجہ حضرت مسلم بن عقیلؓ

کا

روضہ کہاں ہے؟

لاہور یا دمشق میں!

تاریخ کی روشنی میں

کتاب جو عنقریب منظر عام پر آ رہی ہے

مؤلفہ

فضل احمد نشان

سجادہ نشین

بی بی پاکدامن لاہور

قرآن کی بشارتِ کبریٰ کی جھلکیاں
اسلام کے قدم، یدِ بیضا کی جھلکیاں
فرعون کی خُدائی ڈبوئی ہے کس طرح
دیکھو زوالِ قیصر و کسریٰ کی جھلکیاں

کتاب:۔

اِسلام کے چار عظیم جرنیل رضؓ

اور

ان کے حیرت انگیز کارنامے

مؤلّفہ
حفیظ اللہ خاں منظر

ملنے کا پتہ

(۱) [illegible] بی بی پاکدامن لاہور (۲) فیروز سنز شاہراہ قائداعظم لاہور

کتاب
حضرت بی بی پاکدامن لاہور
کا
چشمۂ فیض
پاک سرکار حضرت بی بی پاکدامن کی زندگی میں یا مابعد از زندگی آپ کے چشمۂ فیض سے جن "کرامات" کا ظہور ہوا اور جن جن حالات کے پیشِ نظر کرامات معرضِ وجود میں آئیں۔ جن کا چرچا پاک و ہند کے طول و عرض میں ہوا اور اسلام کی روشنی پھیلی۔ ان تمام واقعات کو نہایت خوش اسلوبی سے سپردِ قلم کیا گیا ہے۔
عنقریب منظرِ عام پر آ رہی ہے
تحریر و پیش کش
فضل احمد شاہ سجادہ نشین 27/7 بی بی پاکدامناں لاہور